باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
بلوچستان کا کثیر الاشاعت
APNS ممبر آف ABC Certificate

روزنامہ بلوچستان لائنز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حاجی بابو خروٹی — ایڈیٹر محمد بلال خروٹی — Ph:081-2827012
Email.balochistanlines@gmail.com

جلد نمبر 18 | بروز منگل 19 مئی 2026ء 1447ھ ہجری | صفحات 4 قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 279

حکومت صنوبر میں سیاحت کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، زرین مگسی

وزیر داخلہ ممکنہ طور پر ایرانی قیادت کے ساتھ ان 14 نکات اور ان کی واشنگٹن تک رسائی کے طریقہ کار پر مشاورت کر رہے ہیں

پاکستان کے ذریعے امریکی حکام تک پہنچائے جائیں گے، جس کے بعد مذاکرات کے اگلے دور کا تعین کیا جائے گا، اس پیشرفت کو انتہائی اہم قرار دیا جارہا ہے

تہران (آئی این ایم) ایران اور امریکہ کے درمیان جاری کشیدگی کے خاتمے کے لیے پاکستان کے کلیدی کردار میں ایک بڑی پیشرفت سامنے آئی

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

ویانا ''معرکہ حق'' کی پہلی سالگرہ کے موقع پر پروقار اور پُرجوش تقریب

تقریب کا ماحول قومی جذبے، حب الوطنی اور پاک فوج سے والہانہ محبت سے سرشار رہا، سفیر پاکستان کا زبردست خراج تحسین

ویانا (پی پی آئی) ویانا میں سفیر پاکستان کامران اختر ملک کی سربراہی میں ''معرکہ حق'' کی پہلی سالگرہ کے موقع پر ایک پروقار اور پُرجوش تقریب کا انعقاد 21 ڈسٹرکٹ ویانا کے مقامی ریسٹورنٹ میں کیا گیا۔ تقریب میں سفارتخانے کے اعلیٰ حکام، پاکستانی کمیونٹی، اوورسیز پاکستانیوں اور انٹرنیشنل کمیونٹی کے افراد اور بچوں اور خواتین نے

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

پاکستانی ثالثی کے ذریعے بات چیت کا عمل جاری ہے، ایران

امارات سمیت خطے کے کسی ملک کے ساتھ ہماری کوئی دشمنی نہیں، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (پی پی آئی) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات سمیت خطے کے کسی ملک کے ساتھ ہماری

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

اماراتی نیوکلیئر پلانٹ پر حملہ خطرناک، جوہری تنصیبات کو نشانہ نہ بنایا جائے، دفتر خارجہ

پاکستان ڈرون حملے کی شدید مذمت، متحدہ عرب امارات کی برادر عوام اور حکومت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے

شہری جوہری انفراسٹرکچر کے تحفظ اور اس کی حرمت کو بین الاقوامی سطح پر ایک مسلمہ اصول کی حیثیت حاصل ہے، جسے ہر صورت برقرار رکھا جانا چاہیے

اسلام آباد (اے این این) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کے براکہ نیوکلیئر انرجی پلانٹ پر ہونے والے ڈرون حملے کی شدید مذمت کرتا ہے اور متحدہ عرب امارات کی برادر عوام اور حکومت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ جوہری تنصیبات کو جان بوجھ کر نشانہ بنانا بین الاقوامی

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی پانڈا بانڈز کا کامیاب اجراء پر وزیر خزانہ کی تعریف

بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کیا جائے گا، شہباز شریف

ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کی جائے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کیا جائے گا، ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ ڈاکٹر جمیل احمد بجٹ 2026/27 کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی وزیر تعلیم کا دورہ چین پاکستان میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس انوویشن ہب قائم کرنے کا فیصلہ

پاک چین کا پاک چین تعلیمی و صنعتی تعاون میں اہم پیش رفت، تعلیم، مصنوعی ذہانت (AI) اور ٹیکنیکل ٹریننگ کو وسعت دینے پر اتفاق، خالد مقبول صدیقی

کول مائننگ میں سہ فریقی تعاون جبکہ پاکستان کو انٹرنیشنل چائنیز ایجوکیشن کمیونٹی اور چین کے نیشنل سمارٹ ایجوکیشن پلیٹ فارم میں شامل کرنے کی بھی تجویز دی۔

اسلام آباد (آئی این ایم) وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین نے تعلیم، ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (ٹیوٹ)، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل تعلیم اور صنعتی تعاون کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا ہے۔ پیر کو وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی چین کے دورے سے واپسی پر پریس کانفرنس سے خطاب کر

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

23ویں انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ انڈسٹریل فیئر ایشیا 2026 کا کامیابی کیساتھ اختتام

چینی آئی بی آئی گروپ کے پاکستانی صنعتی و تجارتی تنظیموں کے ساتھ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

کراچی (پی پی آئی) پاکستان میں صنعتی شعبے کا عالمی ایونٹ 23ویں انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ انڈسٹریل فیئر ایشیا 2026 کراچی میں اختتام پذیر ہوگیا۔ ایونٹ میں چین سمیت مختلف ممالک کے صنعتی وفود اور سرمایہ کاروں نے بھرپور شرکت کی، یہ نمائش عالمی صنعتی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کا موثر پلیٹ فارم ثابت ہوئی ہے۔ خصوصی سرمایہ

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

وندر کے قریب قومی شاہراہ پر تیل بردار کوچ میں اچانک ہولناک آگ، گاڑی جل کر مکمل خاکستر

وندر (پی پی آئی) لسبیلہ کے ساحلی شہر وندر کے قریب مین قومی شاہراہ این 25- پر مولانا پمپ کے مقام پر ایک تیل بردار کوچ میں اچانک ہولناک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں گاڑی

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

براکہ نیوکلیئر پلانٹ پر ڈرون حملہ عالمی قوانین کی خلاف ورزی، پاکستان کی شدید مذمت

شہری جوہری تنصیبات کو کسی بھی صورت نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے، ترجمان دفتر خارجہ کا بیان

اسلام آباد (پی پی آئی) پاکستان نے متحدہ عرب امارات کے براکہ نیوکلیئر پلانٹ پر ہونے والے ڈرون حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے بین الاقوامی قوانین اور جوہری تحفظ کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ شہری جوہری تنصیبات کو کسی بھی صورت نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے کیونکہ ایسے حملے انسانی جانوں، ماحول اور عالمی امن کے لیے تباہ کن نتائج کا باعث

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے بڈرز شدید مالی بحران کا شکار ہوگئے

کوئٹہ (پی پی آئی) بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے تحت صوبے کے تعلیمی اداروں کیلئے سرکاری درسی کتب کی طباعت کرنے والے بڈرز شدید مالی مشکلات کا شکار ہوگئے ہیں۔ بڈرز اور اشاعتی

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

اے این ایف آپریشنز میں 2 کروڑ سے زائد مالیت کی سیکڑوں کلو منشیات برآمد

9 مختلف کارروائیوں میں 11 ملزمان کو گرفتار کرکے 193.1 کلو منشیات برآمد کی گئی

اسلام آباد/کراچی/لاہور (پی پی آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے مختلف آپریشنز میں دو کروڑ سے زائد مالیت کی سیکڑوں کلو منشیات برآمد کرلی۔ ترجمان کے مطابق اے این ایف کی تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 9 کارروائیوں کے دوران 11 ملزمان کو گرفتار کرکے 2 کروڑ 8 لاکھ سے زائد مالیت کی 193.1 کلوگرام منشیات برآمد کرلی۔ اے این ایف کے مطابق سیکٹر H-10 اسلام آباد میں یونیورسٹی کے قریب گاڑی سے 6 کلوگرام چرس

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

کراچی، حوالہ ہنڈی نیٹ ورک کے خلاف ایف آئی اے کی کارروائی، بینک منیجر گرفتار

گرفتاری خفیہ اطلاعات، تکنیکی تجزیے، مالیاتی چھان بین اور پہلے سے گرفتار ملزمان کے انکشافات پر کی گئی، ترجمان

کراچی (پی پی آئی) ایف آئی اے کی حوالہ ہنڈی کے خلاف کارروائی کے دوران بینک منیجر کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل کراچی نے ہنڈی حوالہ نیٹ ورک کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران اہم کارروائی کرتے ہوئے ایک بینک منیجر کو گرفتار کر لیا۔ ملزم محمد ثاقب نجی مائیکرو فنانس بینک کی برانچ

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کوئٹہ کے پہلے کانووکیشن کے فارغ التحصیل ہونے والے گریجویٹس میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

انمول پنکی کی سٹی کورٹ میں پیشی خطرناک قرار، سماعت جیل میں ہوگی

درخشاں پولیس نے عدالتی ریمانڈ کے خلاف نظرثانی کی درخواست بھی دائر کردی

کراچی (پی پی آئی) منشیات ڈیلر انمول عرف پنکی کی سٹی کورٹ میں پیشی کو خطرناک قرار دیتے ہوئے عدالت نے سماعت جیل میں کرنے کا حکم دے دیا۔ کراچی ساؤتھ کی عدالت نے حساس مقدمے کی سماعت جیل میں کرنے کا حکم جاری کردیا ہے۔ سیشن جج کراچی ساؤتھ نے ملزمہ انمول عرف پنکی کو جیل میں پیش کرنے کی اجازت دیتے ہوئے

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا پارٹی کا منشور اور ویژن ہے، صوبائی وزیر

اوستا محمد (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو حقیقی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا پاکستان پیپلز پارٹی کا اصل ویژن ہے اور موجودہ مخلوط

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

حکومت کا بجٹ میں پرچون فروشوں کیلئے فکسڈ ٹیکس سکیم متعارف کرانے کا فیصلہ

سکیم کو مکمل طور پر اردو زبان میں تیار کیا گیا، 20 کروڑ روپے تک ٹرن اوور پر ایک فیصد ٹیکس ادا کرنا ہوگا

اسلام آباد (پی پی آئی) حکومت نے آئندہ بجٹ میں پرچون فروشوں کیلئے فکسڈ ٹیکس سکیم متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ پرچون فروشوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے پورے ملک میں نئی فکسڈ ٹیکس سکیم متعارف کرائی جائے گی، آئندہ ہفتے مذاکرات کے دوران آئی ایم ایف سے حتمی منظوری لی جائے گی، سکیم کے تحت سالانہ 20 کروڑ روپے تک کاروبار کرنے والے پرچون فروشوں کو رجسٹریشن کرانا ہوگی۔ ذرائع کے مطابق ریٹیلرز

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کا ناصر آباد مدرسہ اور ٹرانزٹ پوائنٹ کا دورہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے ناصر آباد دارالعلوم مدرسہ اور ٹرانزٹ پوائنٹ کچھ مغلزئی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے پولیو ٹیموں کی حاضری، فیلڈ کارکردگی اور سیکیورٹی انتظامات کا باریک بینی

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، صوبائی اسمبلی کی رکن فرح عظیم شاہ میڈیا سے بات چیت کر رہی ہیں

وفاقی ترقیاتی بجٹ سست روی کا شکار، ترقیاتی منصوبوں پر صرف 470 ارب روپے خرچ

1 ہزار ارب کے اصل ہدف کے مقابلے صرف 47 فیصد فنڈز کا استعمال ہوا، نظرثانی شدہ سالانہ ہدف 837 ارب مقرر

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی ترقیاتی بجٹ سست روی کا شکار، دس ماہ میں ترقیاتی منصوبوں پر صرف 470 ارب روپے خرچ کیے جاسکے۔ 1 ہزار ارب کے اصل ہدف کے مقابلے صرف 47 فیصد فنڈز کا استعمال ہوا، پی ایس ڈی پی کا نظرثانی شدہ سالانہ ہدف 837 ارب مقرر ہے، وفاقی ترقیاتی بجٹ میں 163 ارب روپے کی کٹوتی کی گئی، جولائی سے اپریل ارکان پارلیمنٹ کی ترقیاتی سکیموں پر 44 ارب روپے خرچ کیے گئے۔ صوبوں اور خصوصی علاقوں میں 117 ارب روپے سے زائد اخراجات آئے، وفاقی تعلیمی منصوبوں پر 19

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

راولپنڈی، ملازمین کے احتجاج پر میٹرو بس سروس کئی گھنٹے معطل، مذاکرات کے بعد بحال

میٹرو بس انتظامیہ نے 150 سے 200 ملازمین کو بغیر کسی نوٹس کے ملازمتوں سے فارغ کردیا، مظاہرین

راولپنڈی (پی پی آئی) راولپنڈی میں میٹرو بس سروس کے ملازمین نے برطرفیوں اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف شدید احتجاج کیا جس کے باعث جڑواں شہروں کے درمیان میٹرو بس سروس معطل ہوگئی اور لاکھوں مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ بعد ازاں انتظامیہ نے فوری نوٹس لیتے ہوئے مظاہرین سے مذاکرات کیے جس کے نتیجے میں میٹرو بس سروس بحال کر دی گئی۔ مظاہرین کے مطابق میٹرو بس انتظامیہ نے 150 سے 200 ملازمین کو بغیر کسی نوٹس کے ملازمتوں سے فارغ کردیا جبکہ برطرف ملازمین کی گزشتہ دو

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

خیبر پختونخوا حکومت کا صوبہ بھر میں تمام غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن کا فیصلہ

پشاور (پی پی آئی) خیبر پختونخوا کے ضم شدہ اضلاع میں لاکھوں غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد حکومت نے صوبے بھر میں تمام غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال ہائیڈرولوجیکل اور جیولوجیکل خطرات پر پاک چین دوسری سمپوزیم سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا ایران جنگ چھڑنے کا امکان، پینٹاگون نے اہداف کا چناؤ کرلیا

واشنگٹن (پی پی آئی) امریکا ایران جنگ کے بادل پھر منڈلانے لگے، امریکی اور اسرائیلی میڈیا کی رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ امریکی صدر اور اسرائیلی وزیراعظم کی ایران جنگ دوبارہ

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

میونسپل کمیٹی وندر کے چیف آفیسر کا تبادلہ، عبدالبصیر نئے چیف آفیسر تعینات

وندر (خ ن) میونسپل کمیٹی وندر کے چیف آفیسر عبدالخالق شاہوانی کا تبادلہ کردیا گیا ہے، جبکہ ان کی جگہ عبدالبصیر کو میونسپل کمیٹی وندر کا نیا چیف آفیسر تعینات کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، محکمہ لوکل گورنمنٹ بلوچستان بورڈ کی جانب سے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی وندر کے اہم عہدے پر نئے افسر کی تعیناتی کا باقاعدہ آفیشل نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری

بقیہ 21 صفحہ 3 پر



اسلام آباد: چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک ہائیڈرولوجیکل اور جیولوجیکل خطرات پر پاک چین دوسری سمپوزیم سے خطاب کر رہے ہیں

مغربی جوڑے نے قصور کے خاندان کو 130 سالہ غلامی سے نجات دلا دی

متاثرہ خاندان تقریباً 130 برس سے قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا تھا، بغیر اجرت کے کام کرتے تھے

قصور (پی پی آئی) قصور میں ایک غیر ملکی جوڑے نے انسانیت کی اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے غریب خاندان کو نسل در نسل جاری قرضی غلامی سے نجات دلادی جس پر سوشل میڈیا صارفین اس اقدام کو انسان دوستی اور ہمدردی کی اعلیٰ مثال قرار دے رہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق متاثرہ خاندان تقریباً 130 برس سے قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا تھا، خاندان کے بزرگ نے کئی دہائیاں قبل ایک بھاری قرض لیا تھا جس کے بعد خاندان کی آنے والی نسلیں بھی قرض کی ادائیگی کیلئے بھٹے پر بغیر اجرت کام کرنے پر مجبور رہیں۔ ذرائع کے

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

گرفتار 2 ملزمان انمول عرف پنکی کے لیے کوکین سپلائی کرتے تھے، رپورٹ

دونوں ملزمان اس وقت گرفتار کیا گیا ہے جب وہ کوکین سپلائی کرنے جارہے تھے، تحقیقاتی رپورٹ

کراچی (پی پی آئی) کراچی کے پوش علاقوں میں 2 کوکین سپلائرز کی انویسٹی گیشن رپورٹ میڈیا کو مل گئی ہے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جنوبی کی عدالت میں پیش کی گئی رپورٹ کے مطابق گرفتار ملزمان انمول عرف پنکی کیلئے کوکین سپلائی کرتے تھے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ ملزمان کراچی کے پوش علاقوں میں نوجوان لڑکوں

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم شدید گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات کی رپورٹ جاری

کوئٹہ (پی پی آئی) محکمہ موسمیات کی جانب

بقیہ 24 صفحہ 3 پر

آئی ایم ایف نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رقم بڑھانے کی تجویز دیدی

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی بجٹ 2026-27 کے سلسلے میں عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی رقم میں 5500 روپے اضافے کا مطالبہ کردیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے رقم 14500 روپے سے بڑھا کر 20 ہزار

بقیہ 25 صفحہ 3 پر

کالعدم تنظیم سندھودیش ریپبلکن آرمی کا انتہائی مطلوب دہشتگرد گرفتار

گرفتار دہشتگرد 2020 میں کالعدم تنظیم سندھودیش ریپبلکن آرمی کے کمانڈر سجاد شاہ کے گروہ میں شامل ہوا

کراچی (پی پی آئی) کالعدم تنظیم سندھودیش ریپبلکن آرمی سے تعلق رکھنے والے انتہائی مطلوب دہشتگرد عبدالجبار سرکی ولد غلام رسول کو قانون نافذ

بقیہ 26 صفحہ 3 پر

درجنوں امریکی کارگو طیارے اسلحہ لے کر اسرائیل پہنچ گئے

امریکی طیارے مختلف فوجی اڈوں پر اترے، اسلحہ، میزائلوں اور دیگر جنگی سامان کی ترسیل

تل ابیب (پی پی آئی) اسرائیل اور ایران کے درمیان ایک بار پھر کشیدگی بڑھنے کے خدشات پیدا ہوگئے جبکہ اسرائیلی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران درجنوں امریکی کارگو طیارے گولا بارود اور فوجی ساز و سامان لے کر اسرائیل پہنچے ہیں۔ اسرائیلی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ امریکی طیارے مختلف فوجی اڈوں پر اترے جہاں اسلحہ، میزائلوں اور دیگر جنگی سامان کی ترسیل کی گئی۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ یہ پیش رفت ایران کے خلاف ممکنہ نئی جنگی تیاریوں کا حصہ ہوسکتی ہے۔ حالیہ ہفتوں میں خطے کی صورتحال

بقیہ 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کوئٹہ کے پہلے کانووکیشن کے موقع پر ایم پی اے کلثوم نیاز بلوچ کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کوئٹہ کے پہلے کانووکیشن کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

28ویں آئینی ترمیم کی کوئی ضرورت نہیں، رضا ربانی

حکمران اشرافیہ کو ادراک ہونا چاہیے کہ آئین مزید کسی آئینی ترمیم کا بوجھ برداشت نہیں کرسکتا، سابق چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (پی پی آئی) سابق چیئرمین سینیٹ اور پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر رضا ربانی نے کہا ہے کہ 28ویں آئینی ترمیم کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اپنے بیان میں سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ حکمران اشرافیہ کو ادراک ہونا چاہیے کہ آئین مزید کسی آئینی ترمیم کا بوجھ برداشت نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ 28ویں آئینی ترمیم کی

بقیہ 28 صفحہ 3 پر

عوامی سوشل ویلفیئر حب کے وفد کی ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل سے ملاقات

عوامی فلاح و بہبود اور پسماندگی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر کی وفد کو یقین دہانی

گڈانی (خ ن) عوامی سوشل ویلفیئر حب کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی اور انہیں علاقے کو درپیش مختلف عوامی و علاقائی مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل نے وفد کی گزارشات کو انتہائی سنجیدگی سے سنا اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود، سماجی ترقی اور علاقائی مسائل کے فوری حل کے لیے سول سوسائٹی اور ویلفیئر تنظیموں کے ساتھ ہر وقت مکمل تعاون کے لیے تیار ہے۔ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے مثبت ردعمل اور مسائل حل کرنے کی یقین دہانی پر تنظیم کے قائدین نے ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ ڈپٹی

بقیہ 29 صفحہ 3 پر

ہمیں مجبور کررہے ہیں کہ ہم ایسا فیصلہ کریں جس سے آپ کا نقصان ہو، سہیل آفریدی

پنجاب حکومت خیبر پختونخواہ کے ساتھ مسلسل زیادتی کر رہی ہے، وفاق کے علم میں لانے کے باوجود کوئی انہیں منع نہیں کر رہا

پنجاب سے گندم ترسیل میں رکاوٹوں کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور متعلقہ اداروں کو فوری و مؤثر اقدامات کی ہدایات پر مشاورت کی

پشاور (آئی این ایم) وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ کچھ ہی دن ہیں ان کی ناکام پالیسی کا ملبہ صوبائی حکومت اور بیوروکریسی پر آنے والا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے گندم کی ترسیل کے مسائل اور سی این جی کی طویل بندش کے حوالے سے اعلیٰ سطح کے خصوصی اجلاس میں شرکت کی، گورنر فیصل کریم کنڈی، اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی،

بقیہ 31 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی حکومت کو عالمی سازش کے تحت گرایا گیا، سلمان اکرم راجہ

ڈراپ سائٹ نے سائفر منظر عام پر لاکر پی ٹی آئی کو درست ثابت کیا، خاموش نہیں ہوں گے، ہر روز کورٹ کو یاد دلائیں گے کہ ظلم ہو رہا ہے

بانی پی ٹی آئی سے کوئی انسان نہیں مل رہا، وہ قید تنہائی میں ہیں، انسانیت سوز صورتحال ہے، ہم پوری دنیا کے ایوانوں میں آواز بلند کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (آئی این ایم) پی ٹی آئی رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ اپریل 2022 میں پی ٹی آئی کی حکومت کو بین الاقوامی سازش کے تحت گرایا گیا، ڈراپ سائٹ نے سائفر منظر عام پر لاکر پی ٹی آئی کو درست ثابت کیا۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر، تیمور سلیم جھگڑا کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ آج انتہائی گمبھیر صورتحال میں پریس کانفرنس کر رہے

بقیہ 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، مہرگڑھ میوزیم میں عجائب گھروں کے عالمی دن کے موقع پر طالبات دورہ کر رہی ہیں

مہنگائی اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف جے یو آئی مدنی یونٹ اوتھل کا اجلاس

حکمران آئی ایم ایف کی غلامی میں قوم پر مہنگائی کے بم گرا رہے ہیں، مولانا عبدالحمید عارف و مفتی محمد سعید

اوتھل (بی پی آئی) جمعیت علما اسلام مدنی یونٹ حلقہ اوادان اوتھل کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اور ہنگامی اجلاس مدنی یونٹ کے امیر و جے یو آئی ضلع لسبیلہ کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید عارف کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں جے یو آئی پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے 22 مئی بروز جمعہ ملک میں بڑھتی ہوئی معاشی ابتری، بدترین مہنگائی اور حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف دی گئی احتجاجی کال کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ ملک بھر کی طرح ضلع لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں بھی اس سلسلے میں ایک بہت بڑا اور بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جے یو آئی ضلع لسبیلہ کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید عارف اور جے یو آئی اوتھل کے امیر شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد سعید نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اور بے جا اضافے نے پورے ملک کو شدید مہنگائی کی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ آٹا، چینی، بجلی، گیس اور روزمرہ استعمال کی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

کوئٹہ، سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ بجٹ 2026-27 کی سالانہ منصوبہ بندی و رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کر رہے ہیں

جون کو پشین میں ہونے والی "حقوق بلوچستان کانفرنس" کی تیاریوں کا جائزہ

21 مئی کو ضلع پشین کا عمومی اجلاس اور مہنگائی کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا، مولانا عبدالباقی دمڑ

کوئٹہ (بی پی آئی) جمعیت علما اسلام تحصیل نانا صاحب کی مجلس عاملہ اور نمائندہ اراکین کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت مولانا عبدالباقی دمڑ منعقد ہوا۔ اجلاس میں 4 جون کو ضلع پشین میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے طے شدہ دورے اور اس موقع پر منعقد ہونے والی عظیم الشان "حقوق بلوچستان کانفرنس" کے انتظامات، دعوتی مہم اور تحصیل سے کارکنوں کی بھرپور شرکت کے حوالے سے انتہائی اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالباقی دمڑ نے کہا کہ 4 جون کو پشین میں ہونے والی حقوق بلوچستان کانفرنس صوبے کی سیاسی تاریخ میں ایک سنگِ میل ثابت ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلع پشین ہمیشہ سے جمعیت علما اسلام کا ایک مضبوط اور ناقابل تسخیر قلعہ رہا ہے، اور اس بار عوامی سمندر کی شرکت سے ماضی کے تمام ریکارڈ ٹوٹ جائیں گے۔ انہوں نے تحصیل نانا صاحب کے تمام مقامی یونٹس اور عہدیداروں کو سخت ہدایت کی کہ وہ کانفرنس کے سلسلے میں دعوتی مہم کو مزید تیز کریں۔۔

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار اسرار حسین کو گیس کے بل پر 13950 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا

کوئٹہ (بی پی آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار اسرار حسین کو گیس کے بل پر 13950 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا۔ درخواست گزار اسرار حسین نے بتایا کہ وہ سردیوں کے موسم میں ملک سے باہر جاتے ہیں۔ گھر بند ہونے کی وجہ سے میٹر نہ چلنے کی وجہ سے Ssgcl کی جانب سے غیر منصفانہ طور پر جرمانے عائد کیے گئے۔ جس کی درستگی کے لیے متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، درخواست گزار نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر

ڈیرہ بگٹی بکرا منڈی میں پولیس نے عوام کیلئے شربت اور ٹھنڈے پانی کا انتظام کر دیا گیا

ڈیرہ بگٹی (بی پی آئی) ڈی آئی جی سبی رینج میر پرویز خان عمرانی اور ڈی پی او ڈیرہ بگٹی ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات پر ڈیرہ بگٹی مال مویشی بکرا منڈی میں عوام کی سہولت کے لیے مفت شربت اور ٹھنڈے پانی کا کیمپ قائم کر دیا گیا ہے۔ کیمپ میں بکرا منڈی آنے والے غریب افراد، مزدوروں، تاجروں، مویشی فروشوں اور دیگر شہریوں کو شدید گرمی کے پیش نظر مفت شربت اور ٹھنڈا پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے پولیس کے اس فلاحی اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ شدید گرمی میں غریب اور محنت کش طبقے کو ریلیف فراہم کرنا ایک قابل تحسین عمل ہے۔

تحصیل بھاگ اور گردونواح میں قیامت خیز گرمی کا راج

پارہ 46 ڈگری تک پہنچنے اور حبس کے باعث 50 ڈگری کی شدت محسوس، عوامی حلقوں کا لوڈشیڈنگ کم کرنے کا مطالبہ

بھاگ (بی پی آئی) تحصیل بھاگ اور اس کے گردونواح میں جھلسا دینے والی اور قیامت خیز گرمی کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا ہے، جس کے ساتھ ہی دیہی علاقوں میں 21، 21 گھنٹے کی طویل لوڈ شیڈنگ نے معمولات زندگی کو بری طرح مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، بھاگ شہر اور اس کے مضافات میں شدید گرمی اور لو کے تھپیڑوں نے شہریوں کا جینا محال کر دیا ہے۔ گزشتہ روز بھاگ میں درجہ حرارت 46 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، تاہم ہوا میں نمی اور حبس کے باعث گرمی کی یہ شدت (فیلز لائک) 50 (ڈگری سینٹی گریڈ) تک محسوس کی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق، گرمی کی یہ شدید لہر اور جھلساتی ہواؤں کا سلسلہ آئندہ چند روز تک برقرار رہنے کا امکان ہے۔ شدید گرمی اور لو کے باعث دوپہر کے وقت شہر کی اہم شاہراہوں، بازاروں اور گلیوں میں آمد و رفت معمول سے انتہائی کم رہی اور شہری شدید ترین گرمی سے بچنے کے لیے گھروں تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ دوسری جانب، اس قیامت خیز گرمی میں کیسکو (QESCO) کی جانب سے شہر میں دن کے 3 بجے بجلی کی بندش اور دیہاتوں میں 21 گھنٹے کی غیر

ڈیرہ اللہ یار میں پولٹری فارم مالک سے 25 لاکھ کی ڈکیتی کے کیس میں اہم پیش رفت

ایک سال میں 54 اشتہاری اور 325 روپوش ملزمان گرفتار، پولیس کی کارکردگی پر تاجر برادری کی جانب سے افسران کو نوٹوں کے ہار

ڈیرہ اللہ یار (بی پی آئی) ڈیرہ اللہ یار میں رواں سال جنوری کے مہینے میں پولٹری فارم کے مالک عبدالقدیر ابڑو سے ہونے والی 25 لاکھ روپے کی بڑی ڈکیتی کی لرزہ خیز واردات کے کیس میں پولیس نے ایک اہم اور بڑی پیش رفت حاصل کر لی ہے۔ ایس ایس پی جعفرآباد کامران نواز پنجوتھا نے ڈی ایس پی صدور احسان لاشاری اور ایس ایچ او سٹی محمد عیسیٰ کھوسہ کے ہمراہ ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ جعفرآباد پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور سی سی ٹی وی (CCTV) فوٹیج کی مدد سے ڈکیت ملزمان کا سراغ لگا لیا ہے، اور مختلف علاقوں میں کی جانے والی کامیاب چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران لوٹی گئی رقم میں سے 14 لاکھ روپے برآمد کر لیے ہیں، تاہم قانون کی گرفت سے بچنے کے لیے نامزد ملزمان تاحال روپوش ہیں اور گرفتار نہیں ہو سکے۔ ایس ایس پی کامران نواز پنجوتھا نے میڈیا کو بتایا کہ مفرور ملزمان کی حتمی گرفتاری اور ڈکیتی کی باقی ماندہ رقم کی فیصد برآمدگی کے لیے پولیس کے خصوصی دستے مسلسل متحرک ہیں۔۔

صحبت پور کا تھانہ شاہ واہ مجرموں کے لیے نوگو ایریا بن گیا، نامعلوم مسلح افراد نے مہران کار لوٹ لی

جیکب آباد سے گھر آنے والے شہری سے سڑک پر اسلحے کے زور پر واردات، نامعلوم ڈاکو باآسانی فرار، عوام میں تشویش

صحبت پور (بی پی آئی) صحبت پور میں پولیس تھانہ شاہ واہ کا علاقہ امن و امان کی ابتر صورتحال کے باعث جرائم پیشہ عناصر کے لیے مبینہ طور پر "نو گو ایریا" بن چکا ہے، جہاں گزشتہ شب آٹھ نامعلوم مسلح افراد نے سڑک پر ناکہ لگا کر ایک شہری سے مہران کار لوٹ لی۔ تفصیلات کے مطابق، کامران نامی کھوسہ نامی شہری جیکب آباد سے کار میں سوار ہو کر اپنے گھر آ رہا تھا کہ پولیس تھانہ شاہ واہ کی حدود میں گھات لگائے بیٹھے آٹھ نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے اسلحے کے زور پر اسے زبردستی روک لیا۔ مسلح افراد نے ڈرائیور کو یرغمال بنا کر اس سے مہران کار، نقدی اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا۔ اور رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

پشاور، محکمہ لائیو اسٹاک کی کانگو وائرس سے متعلق ایڈوائزری جاری

پشاور (بی پی آئی) خیبر پختونخوا حکومت کے محکمہ لائیو اسٹاک نے کانگو وائرس سے متعلق ایڈوائزری جاری کر دی۔ محکمہ لائیو اسٹاک حکام کا کہنا ہے کہ کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے مویشی منڈیوں اور دیگر مقامات پر احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ محکمہ لائیو اسٹاک نے جانور خریدتے، منتقل کے دوران اور ذبح کرتے وقت حفاظتی اقدامات اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ لائیو اسٹاک کی ترقی کیلئے 20 سال کا منصوبہ جلد سندھ کابینہ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔۔

کیسکو کے چیف انجینئر میر مجیب الرحمٰن مری کی زیر صدارت جائزہ اجلاس

وفاقی و صوبائی پی ایس ڈی پی اور صارفین کے ڈپازٹ ورکس سمیت تمام جاری منصوبوں کی رفتار تیز کر کے جلد مکمل کیا جائے، چیف انجینئر

کوئٹہ (بی پی آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف انجینئر (ٹیکنیکل) میر مجیب الرحمٰن مری کی زیر صدارت پراجیکٹ ڈائریکٹر (کنسٹرکشن) کی کارکردگی اور صوبے بھر میں بجلی کے جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ایک اہم اور تفصیلی جائزاتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان بھر میں بجلی کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور نئے برقی منصوبوں پر کام کی موجودہ رفتار اور پیش رفت کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر کیسکو کے پراجیکٹ ڈائریکٹر (کنسٹرکشن) انجینئر کلیم اللہ جوگیزئی، ایگزیکٹو انجینئرز عبدالواسع کاکڑ، آفتاب مندوخیل، برکت علی بگٹی اور دیگر متعلقہ شعبوں کے اعلیٰ افسران و ملازمین نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف انجینئر (ٹیکنیکل) کیسکو انجینئر میر مجیب الرحمٰن مری نے پی ڈی کنسٹرکشن اور تمام مانیٹرنگ افسران کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں بجلی کے جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی رفتار کو تیز کیا جائے تاکہ تپتے ہوئے موسم میں صارفین کو بجلی کی فراہمی میں مزید ریلیف مل سکے۔ انہوں نے تاکید کی کہ وفاقی اور صوبائی پی ایس ڈی پی (PSDP) منصوبوں کے ساتھ ساتھ صارفین کی جانب سے جمع کرائے گئے ڈپازٹ ورکس، واٹر سپلائی اسکیمز (WSS)، ٹیلی کام، ای ایل آر (ELR)، ڈی او پی (DOP) اور مختلف علاقوں میں برقی لائنوں

میر علی مدد جتک عوام کے حقیقی اور ہر دلعزیز رہنما ہیں، میر خیر اللہ جتک

کوئٹہ (بی پی آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی رہنما، معروف قبائلی شخصیت میر خیر اللہ جتک نے سریاب سے حاجی میر علی مدد جتک کی قیادت میں سینکڑوں افراد کی جمعیت علمائے اسلام سے مستعفی ہو کر پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس بڑی سیاسی پیشرفت نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ حاجی میر علی مدد جتک عوام کے حقیقی، مخلص اور ہر دلعزیز رہنما ہیں جن پر عوام بھرپور اور اندھا اعتماد کرتے ہیں۔ میر خیر اللہ جتک نے کہا کہ سریاب سمیت بلوچستان بھر کے عوام اب روایتی نعروں اور کھوکھلے وعدوں سے تنگ آ چکے ہیں۔۔

قائد جمعیت کی کال پر 22 مئی کو ضلع لسبیلہ میں احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے، مولانا عبدالحمید عارف

اوتھل (بی پی آئی) جمعیت علماء اسلام مدنی یونٹ حلقہ اوادان اوتھل کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس، جمعیت علماء اسلام مدنی یونٹ کے امیر و جمعیت علماء اسلام ضلع لسبیلہ کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید عارف کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سربراہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے 22 مئی بروز جمعہ ملک میں بڑھتی ہوئی معاشی ابتری، بدترین مہنگائی اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف دی گئی احتجاجی کال کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا۔۔

باکو میں اپنی چھت اپنا گھر "کا پویلین غیر ملکی مہمانوں کا مرکز بنا ہوا ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (بی پی آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کا باکو میں "اپنی چھت اپنا گھر" کا پویلین غیر ملکی مہمانوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ اپنے ایک بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب حکومت کا اپنی چھت اپنا گھر پروگرام دنیا کا سب سے بڑا اور منفرد پروگرام ہے، اس پروگرام کے تحت 1 لاکھ گھر مکمل ہو چکے ہیں، 60 ہزار گھروں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔

فٹ بال کھیل کو گراس روٹ لیول سے فروغ دینے کیلئے ٹریننگ کیمپ

نثار احمد اور عبدالمنان سلیم نے نوجوان پلیئرز کو کھیل کے قوانین اور تکنیک سے روشناس کرایا

کوئٹہ (بی پی آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن، فٹ بال کے کھیل کو گراس روٹ لیول سے فروغ دینے کے مشن پر گامزن ہو گئی۔ اس حوالے سے سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن نے کراچی ڈویژن فٹ بال ایسوسی ایشن کے اشتراک سے ضلع کورنگی کے شاہ فیصل ٹاؤن میں نوجوان نسل کو فٹ بال کھیل بارے آگاہی دینے کیلئے ایک ٹریننگ کیمپ کا انعقاد کیا۔ جس میں شاہ فیصل ٹاؤن کے اسکول اور کالج کے لڑکوں اور لڑکیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تربیتی کیمپ میں شریک نوجوان کھلاڑیوں کو سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نثار احمد نے کھیل کی تاریخ، بنیادی مہارتوں اور قوانین بارے آگاہ کیا۔ کراچی ڈویژن فٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری عبدالمنان سلیم نے کیمپ میں شریک پلیئرز کو کھیل کے اصولوں اور تکنیک سے روشناس کرایا۔ فٹ بال کھیل کے آگاہی اور ٹریننگ کیمپ میں ناصر اقبال، اور نگزیب سلطان سمیت دیگر معزز مہمان بھی شریک تھے۔

عبداللہ ریکی بلوچ سابق وفاقی وزیر اور سینئر سیاستدان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر باز محمد کھیتران سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

نصیر آباد ڈویژن میں پریس کلب فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم اور حقیقی صحافیوں کی حق تلفی پر شدید تشویش کا اظہار

سرکاری ملازم صحافیوں نے حقیقی میڈیا نمائندوں کے حقوق غصب کر رکھے ہیں، فنڈز کی بندر بانٹ پر تحقیقاتی کمیٹی بنائی جائے، رئیس فرحان

بولان (بی پی آئی) ریجنل یونین آف جرنلسٹس بلوچستان کے سینئر رکن اور بھی پریس کلب ڈھاڈر کے صدر رئیس فرحان جمالی نے نصیر آباد ڈویژن میں صوبائی حکومت کی جانب سے جاری کردہ پریس کلبوں کے فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم اور مبینہ بندر بانٹ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈویژنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ (ڈی جی پی آر) (نصیر آباد ڈویژن) کی مبینہ چشم پوشی کی وجہ سے گزشتہ چار برسوں سے ڈویژن کے دیگر اضلاع کے پریس کلبوں کو یکسر نظر انداز کر کے صرف ایک ہی من پسند پریس کلب کو نوازا جا رہا ہے۔ رئیس فرحان جمالی نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے صوبے کے تمام ڈویژنز کے ہیڈ کوارٹرز کو باقاعدگی سے فنڈز جاری کیے جاتے ہیں تاکہ تمام اضلاع کے ورکنگ صحافیوں کی فلاح و بہبود ممکن ہو سکے، لیکن انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ نصیر آباد ڈویژن میں گزشتہ 4 سال سے تمام فنڈز صرف ایک مخصوص پریس کلب کی نذر کیے جا رہے ہیں جو کہ ڈویژن کے دیگر اضلاع کے حقیقی، مخلص اور محنتی صحافیوں کے ساتھ سراسر ناانصافی، زیادتی اور معاشی قتل کے مترادف ہے۔ انہوں نے سنگین انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ پریس کلبوں میں کئی سرکاری ملازمین نے صحافیوں کا روپ دھار کر حقیقی

کوئٹہ، سیکرٹری کلچر حمید اللہ ناصر، ڈائریکٹر آرکیالوجی اینڈ میوزیم جمیل احمد بلوچ، منظور بلوچ، ظاہر حسین قومی اور دیگر مہرگڑھ میوزیم کے زیر اہتمام میوزیم کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول پنجھی پور میں معزز استاد محمد ابراہیم تھہیم کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب

ہیڈ ماسٹر محمد زمان کھوکھر اور اساتذہ کا تعلیمی خدمات پر زبردست خراج تحسین، یادگاری گروپ فوٹو کے ساتھ الوداع کیا گیا

پنجھی پور (بی پی آئی) گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول پنجھی پور میں تعینات معزز و سینئر استاد محمد ابراہیم تھہیم کی ملازمت سے سبکدوشی (ریٹائرمنٹ) کے تاریخی موقع پر اسکول انتظامیہ کی جانب سے ایک پروقار اور پرکشش الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ یادگار تقریب اسکول کے مرحوم و مغفور میر محمد خان کھوسہ میموریل ہال میں منعقد ہوئی، جس میں ہیڈ ماسٹر محمد زمان کھوکھر سمیت اسکول کے تمام اساتذہ کرام، تعلیمی عملے اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے تقریب کو رونق بخشی۔ تقریب سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے ہیڈ ماسٹر محمد زمان کھوکھر نے سبکدوش ہونے والے استاد محمد ابراہیم تھہیم کی طویل اور بے داغ تعلیمی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ محمد ابراہیم تھہیم نے اپنی پوری ملازمت نہایت دیانتداری، انتھک محنت، مخلصانہ جذبے اور فرض شناسی کے ساتھ انجام دے کر شعبہ تدریس کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ موصوف نے علاقے کی نئی نسل کی بہترین علمی و اخلاقی تعلیم و تربیت کرنے میں ایک کلیدی اور تاریخی کردار ادا کیا ہے، اور ان کی یہ گراں قدر خدمات اسکول اور پسماندہ علاقے کی تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف

خاران شہر میں چوری و ڈکیتی کی وارداتیں تھم نہ سکیں، ہندو محلہ اور قلعہ روڈ پر دکانوں میں کروڑوں کی مسلح لوٹ مار

انتظامیہ تاجروں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہو چکی ہے، انجمن تاجران کا شٹر ڈاؤن ہڑتال اور شدید احتجاج

خاران (بی پی آئی) خاران شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی مسلسل وارداتیں تھم نہ سکیں، جس کے باعث آئے روز کی لوٹ مار سے عوام اور تاجر برادری کا مال و اسباب غیر محفوظ ہو کر رہ گیا ہے۔ گزشتہ رات نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے خاران بازار کے مصروف ترین علاقے ہندو محلہ میں ہندو برادری کی دکانوں پر اسلحے کے زور پر دھاوا بولا اور وہاں سے بھاری نقدی، قیمتی موبائل فونز اور دیگر سامان لوٹ کر باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

راولپنڈی و اسلام آباد میٹرو سروس معطل، شہری خوار

راولپنڈی (بی پی آئی) جڑواں شہروں میں پبلک ٹرانسپورٹ کا بڑا نظام اچانک ڑک گیا، جس نے روزمرہ سفر کرنے والے ہزاروں شہریوں کو مشکلات میں ڈال دیا۔ راولپنڈی اور اسلام آباد کے درمیان چلنے والی میٹرو بس سروس ملازمین کی برطرفیوں کے خلاف احتجاج کے باعث بند ہو گئی۔

تحصیل وڈھ کے علاقے وہیر کے مقام پر ڈاکوں کا راج، اسلحے کے زور پر ٹماٹروں سے لوڈ پک اپ گاڑی چھین لی

خضدار (بی پی آئی) خضدار کی تحصیل وڈھ کے علاقے وہیر کے مقام پر مین قومی شاہراہ پر ڈکیتی کی ایک سنگین اور انوکھی واردات سامنے آئی ہے، جہاں گزشتہ شب نامعلوم مسلح ڈاکو اسلحے کے زور پر ٹماٹروں سے لوڈ ایک سرخ رنگ کی پک اپ گاڑی چھین کر باآسانی فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق، بیلہ سے خضدار کی طرف آنے والی ٹماٹروں سے بھری پک اپ گاڑی کو وہیر کے مقام پر سڑک کنارے لگائے نامعلوم مسلح افراد نے زبردستی روکا اور گاڑی کے ڈرائیور اور کلینر کو یرغمال بنا لیا۔ ذرائع کے مطابق، بزدل ڈاکوؤں نے گاڑی روکنے کے بعد مزاحمت کے خوف سے ڈرائیور اور کلینر کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے بے رحمی کے ساتھ باندھ دیے

بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے، کرن بلوچ

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بلوچستان کی ترقی کیلئے خصوصی اقدامات کر رہے ہیں، کرن بلوچ کی بات چیت

کوئٹہ (بی پی آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان وومن ونگ کی انفارمیشن سیکرٹری اور بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف وومن کی چیئرپرسن محترمہ کرن بلوچ سے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال، پارٹی امور اور صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر کرن بلوچ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بلوچستان کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے خصوصی اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے حال ہی میں بلوچستان میں قائم ٹراما سینٹر اور ایئر ایمبولینس سروس کا پرجوش خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ان منصوبوں سے عوام کو بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی اور انشاء اللہ جلد بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور پارٹی قیادت صوبے کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔

اوستا محمد شہر میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت

محکمہ پی ایچ ای کے ملازمین گھر بیٹھے تنخواہیں لینے میں مصروف، قیامت خیز گرمی میں انتظامیہ کی غفلت پر عوام کا شدید احتجاج

اوستا محمد (بی پی آئی) تحصیل و ضلع استا محمد شہر اور اس کے گردونواح میں پینے کے صاف پانی کی شدید ترین قلت پیدا ہو گئی ہے، جبکہ پانی کی مین پائپ لائنیں جا بجا ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے سے سپلائی مکمل طور پر منقطع ہو چکی ہے۔ اس قیامت خیز اور جھلساتی گرمی میں واٹر سپلائی کی بندش کے باعث شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں اور شدید ذہنی کوفت کا شکار ہیں۔ استا محمد کے عوامی حلقوں، سماجی رہنماؤں اور شہریوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس جدید دور میں بھی استا محمد کے پسماندہ عوام بنیادی ترین ضرورت یعنی پینے کے صاف پانی سے یکسر محروم ہیں۔ شہریوں کے مطابق، محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) کے مقامی افسران کی مجرمانہ غفلت، لاپرواہی اور عدم دلچسپی کی وجہ سے واٹر سپلائی کی تمام ہیوی موٹریں اور پمپ طویل عرصے سے خراب اور ناکارہ پڑے ہیں، جن کی فنڈز کی عدم دستیابی کا بہانہ بنا کر مرمت نہیں کی جا رہی۔ عوامی حلقوں نے سنگین الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ پی ایچ ای کے کچھ ملازمین ڈیوٹیوں سے غائب رہ کر گھر بیٹھے ماہانہ تنخواہیں وصول کر رہے

سعودی وزارت حج و عمرہ نے عمرہ سیزن کی تاریخوں کا اعلان کر دیا

ریاض (بی پی آئی) سعودی وزارت حج و عمرہ نے آئندہ عمرہ سیزن کے آغاز سے متعلق اہم تاریخوں کا اعلان کر دیا۔ سعودی وزارت کے مطابق عمرہ زائرین 15 ذوالحج 1448 ہجری سے مکہ مکرمہ میں داخل ہو سکیں گے، جبکہ عمرہ ویزوں کا اجرا 31 مئی 2026 سے شروع کیا جائے گا۔ وزارت حج و عمرہ کا کہنا ہے کہ نسک ایپ کے

تحصیل نال کے سب تحصیل گریشہ میں ڈاکوؤں کی کارروائیاں عروج پر

خضدار (بی پی آئی) خضدار کی تحصیل نال کے سب تحصیل گریشہ اور گردونواح کے علاقوں میں نامعلوم ڈاکوؤں کی مجرمانہ کارروائیاں تشویشناک حد تک بڑھ گئی ہیں، جہاں مبینہ طور پر پولیس کی وردی میں ملبوس مسلح جرائم پیشہ عناصر نے گن پوائنٹ پر زمباد اور پراڈو سمیت کئی قیمتی گاڑیاں چھین لی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، نال گریشہ کے وسیع علاقے میں امن و امان کی صورتحال ابتر ہو چکی ہے اور سرکاری وردی کا سہارا لے کر معصوم شہریوں کو لوٹنے کے متعدد سنگین واقعات سامنے آئے

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے وفد کا نو منتخب ٹراما سینٹر کا دورہ

ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر ارباب کامران کاسی کی شب و روز محنت اور پیشہ ورانہ قیادت کو زبردست خراج تحسین

کوئٹہ (بی پی آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن (وائی ڈی اے) بلوچستان کا ایک اعلیٰ سطحی وفد تنظیم کے مرکزی رہنما ڈاکٹر طاہر موسیٰ خیل کی سربراہی میں نو تعمیر شدہ ٹراما سینٹر اینڈ ایمرجنسی ریسپانس انسٹیٹیوٹ کے دورے پر پہنچا۔ وفد نے ٹراما سینٹر کے مختلف شعبوں، آئی سی یو، آپریشن تھیٹرز اور وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا اور ایمرجنسی و حادثاتی کیسز سے نمٹنے کے لیے قائم کردہ جدید طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ٹراما سینٹر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر ارباب کامران کاسی اور ان کی ماہر ٹیم نے وفد کو سینٹر میں دستیاب جدید مشینری، لائف سیونگ سپورٹ، افرادی قوت (اسٹاف) اور مستقبل کے لائحہ عمل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے اس موقع پر ڈاکٹر ارباب کامران کاسی کی اس نئے اور اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹراما سینٹر کے قیام میں شب و روز محنت، بہترین قیادت اور پیشہ ورانہ لگن کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ وائی ڈی اے کے رہنماؤں نے کہا کہ ڈاکٹر ارباب کامران کاسی کی سربراہی میں تشکیل پانے والی ٹیم کی کاوشیں بلاشبہ قابل ستائش ہیں، جنہوں نے انتہائی مختصر عرصے میں بلوچستان کے غریب عوام کو بین الاقوامی معیار کی جدید ایمرجنسی اور حادثاتی طبی سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنایا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ایسے دور رس منصوبے صوبے میں صحت کے مجموعی نظام کو مضبوط بنانے اور حادثات کی صورت میں قیمتی انسانی جانیں بچانے کی صلاحیت کو بڑھانے میں ایک کلیدی اور تاریخی کردار ادا کریں گے۔ ترجمان وائی ڈی اے نے اپنے پریس اعلامیے میں مزید کہا کہ ہمیں پوری امید ہے کہ یہ جدید ادارہ عوامی خدمت کے جذبے سے اسی عزم، ایمانداری اور تسلسل کے ساتھ کام کرتا رہے گا۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے ڈاکٹر ارباب کامران کاسی اور ان کی پوری ٹیم کو ٹراما سینٹر کے کامیاب قیام اور اسے فعال کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے

کوئٹہ: سابق سینیٹر حاجی لشکری رئیسانی طلبا کی اجتماعی شادیوں کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کو نواں کلی بائی پاس پل کے افتتاح کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

عید قربان پر لاک ڈاؤن کے خاتمے پر صرافہ برادری کا حکومت سے اظہار تشکر

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی تاجروں کے مسائل حل کرنے پر مبارکباد کے مستحق، امن و امان کے قیام میں حکومت سے بھرپور تعاون کریں گے

کوئٹہ (بی پی آئی) صوبائی جنرل سیکرٹری بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن سردار علی رضا یوسفزئی نے معاون برائے وزارت داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ بابر یوسفزئی کی ذاتی اور مخلصانہ کاوشوں کے نتیجے میں صرافہ برادری اور تاجروں کو عید الاضحیٰ (عید قرباں) کے پرمسرت موقع پر لاک ڈاؤن ختم کرنے کی صورت میں ایک بہترین تحفہ دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس تاجر دوست فیصلے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے بھی انتہائی شکرگزار ہیں اور امید کرتے ہیں کہ حکومت بلوچستان مقررہ مدت کے بعد بھی لاک ڈاؤن جیسی تجاویز پر نظر ثانی کرے گی، جبکہ صرافہ برادری کی طرف سے صوبائی حکومت کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں سردار علی رضا یوسفزئی نے کہا کہ ہم معاون برائے وزارت داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی کے خاص طور پر مشکور ہیں جنہوں نے تاجر برادری کی گزارشات اور معاشی مشکلات کو انتہائی سنجیدگی سے لیتے ہوئے عید کے موقع پر لاک ڈاؤن میں نرمی اور خاتمے کے احکامات جاری کروائے۔

سوراب کے علاقے کلی سرخ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، محمد اسماعیل ریکی شدید زخمی

حملہ آور اندھا دھند فائرنگ کر کے فرار، زخمی کی حالت تشویشناک ہونے پر سول ہسپتال سے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا

سوراب (بی پی آئی) سوراب میں رات گئے نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے قاتلانہ حملے اور اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص محمد اسماعیل ریکی شدید طور پر زخمی ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، افسوسناک واقعہ سوراب کے علاقے کلی سرخ میں پیش آیا جہاں پہلے سے لگائے بیٹھے نامعلوم حملہ آوروں نے محمد اسماعیل ریکی کو نشانہ بناتے ہوئے ان پر اندھا دھند گولیاں برسا دیں اور رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جائے وقوعہ سے باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے فوراً بعد مقامی لوگوں اور ریسکیو اداروں نے زخمی شخص کو خون میں لت پت حالت میں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے لیے سول ہسپتال سوراب منتقل کیا، جہاں ڈاکٹروں نے تفصیلی طبی معائنے کے بعد ان کی حالت کو انتہائی تشویشناک قرار دیتے ہوئے مزید بہتر اور جان

کراچی، تیز رفتار ٹرالر نے چیکنگ پر تعینات پولیس موبائل کو روند ڈالا، 2 اہلکار شہید، ڈرائیور گرفتار

کراچی (بی پی آئی) کراچی میں سپر ہائی وے چکوال پمپ کے قریب تیز رفتار ٹرالر نے چیکنگ پر تعینات پولیس موبائل کو روند ڈالا جس کے نتیجے میں سب انسپکٹر اور کانسٹیبل جاں بحق ہو گئے۔ حادثے کے ذمے دار ٹرالر کے ڈرائیور کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ تفصیل کے مطابق نے گڈاپ سٹی کے علاقے سپر ہائی وے چکوال

انمول پنکی کی سٹی کورٹ میں پیشی خطرناک قرار، سماعت جیل میں ہوگی

کراچی (بی پی آئی) عدالت نے منشیات فروشی کی ملزمہ انمول عرف پنکی کی سٹی کورٹ میں پیشی کو خطرناک قرار دیتے ہوئے سماعت جیل میں کرنے کا حکم دے دیا۔ کراچی جنوبی کی عدالت نے حساس مقدمے کی سماعت جیل میں کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے، سیشن جج کراچی ساؤتھ نے ملزمہ انمول عرف پنکی کو جیل میں پیش کرنے کی اجازت دیتے

بارکھان کو ناہر کوٹ سے ملانے والی اہم پل کا منصوبہ چھ سال گزرنے کے باوجود ادھورا

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے نوٹس اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کرنے کا مطالبہ

بارکھان (بی پی آئی) بارکھان شہر سے ناہر کوٹ کو آپس میں ملانے والی اہم پل کا تعمیراتی منصوبہ تقریباً چھ سال کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود تاحال مکمل نہ ہو سکا، جس کے باعث دونوں علاقوں کے درمیان روزانہ کی بنیاد پر آمد و رفت کرنے والے ہزاروں شہریوں، مریضوں اور تاجروں کو شدید سفری مشکلات اور ذہنی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مقامی لوگوں کے مطابق عوامی مفاد کے اس اہم ترین پل کی تعمیر میں مسلسل غیر معمولی تاخیر ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی اور محکمہ ہائی وے کے متعلقہ حکام کی کھلی لاپرواہی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ علاقہ مکینوں اور شہریوں کا کہنا ہے کہ کام کی موجودہ انتہائی سست روی کو دیکھ کر یہ شدید خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ یہ منصوبہ اگلے مزید دو سال تک بھی مکمل نہیں ہو سکے گا، جس سے عوامی پسماندگی اور سفری مصائب میں مزید اندوہناک اضافہ ہوگا۔ بارکھان کے عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور حلقے کے منتخب ایم پی اے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے اس دیرینہ مسئلے کا فوری نوٹس لینے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل میں مجرمانہ غفلت اور سستی برتنے والے غیر ذمہ دار

کوہلو میں نوجوان ڈاکٹر محمد جمال مری کی جانب سے جدید آئی کلینک کا قیام

علاج کے لیے ڈی جی خان اور دیگر شہروں کے سفر کا خاتمہ، مقامی سطح پر آنکھوں کا جدید معائنہ شروع، عوامی حلقوں کی مبارکباد

کوہلو (بی پی آئی) ضلع کوہلو میں نوجوان اور قابل معالج ڈاکٹر محمد جمال مری کی جانب سے جدید "آئی کیئر کلینک" کا قیام غریب عوام کے لیے ایک بڑی خوشخبری اور صحت کے شعبے میں اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ڈاکٹر جمال مری نے لاہور سے آئی اسپیشلائزیشن کا کورس مکمل کرنے کے بعد اپنے آبائی علاقے کوہلو میں جدید مشینوں سے لیس آئی کلینک قائم کر دیا ہے، جس پر ضلع بھر کے عوامی، سیاسی و سماجی حلقوں نے گہری خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں بھرپور مبارکباد پیش کی ہے۔ کوہلو میں اس سے قبل آنکھوں کے علاج معالجے کے لیے کوئی باقاعدہ اور جدید کلینک موجود نہیں تھا۔

ایچ ای سی کی نئی پالیسی، ڈبل اور جوائنٹ ڈگری پروگرامز کا آغاز

اسلام آباد: (بی پی آئی) اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں بڑی پیشرفت سامنے آئی ہے جہاں ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان نے ڈبل اور جوائنٹ ڈگری پروگرامز کیلئے نئی جامع پالیسی جاری کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس پالیسی کے تحت پاکستانی اور غیر ملکی جامعات کے درمیان باضابطہ اشتراک کا فریم ورک متعارف کرایا گیا ہے، جس سے طلبہ کو ایک ہی وقت میں دو ڈگریاں حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ نئی پالیسی کے مطابق طلبہ کو بین الاقوامی معیار کی تعلیم تک رسائی حاصل ہوگی

کراچی، سندھ رینجرز اور سی ٹی ڈی پولیس نے کالعدم تنظیم کا انتہائی مطلوب دہشتگرد گرفتار کر لیا

کراچی (بی پی آئی) کراچی میں کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والے انتہائی مطلوب دہشتگرد عبدالجبار سرکی ولد غلام رسول کو قانون نافذ کرنے والے اداروں نے گرفتار کر لیا۔ پاکستان رینجرز (سندھ) اور سی ٹی ڈی پولیس نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے کراچی آتے ہوئے رینجرز چیک پوسٹ حب ریور

ٹریڈ یونین رہنماؤں کا شاہ علی بگٹی سے بہن کی وفات پر اظہار تعزیت

سلطان خان، تنویر نذیر، عبدالستار، را سعید خٹک، عبدالحلیم خان، شاہنواز، عبیداللہ گجر نے تعزیت کی

کوئٹہ (بی پی آئی) ملک بھر کے ٹریڈ یونین رہنماؤں نے آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صوبائی چیئرمین اور بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی کی ہمشیرہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی فیملی سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت کرے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں اور تمام لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر اور پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان، مرکزی چیئرمین عبدالستار، نجرانچی عبدالستار جونیئر، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالحلیم خان ممبر میٹنگل کمیشن ہیومن رائٹس بلوچستان فرخندہ اورنگزیب، انڈسٹری آل گلوبل یونین کے پاکستان میں پراجیکٹ کوآرڈینیٹر تنویر نذیر، آل پاکستان نیوز پیپر ایمپلائز کنفیڈریشن (ایپنک) (پنجاب کے سابق چیئرمین محمد قیصر چوہان، آفتاب رائٹنگ منز ورکرز یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری عبیداللہ گجر، پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے خیبر پختونخوا) شانگلہ (سے ممبر ایگزیکٹو کونسل علی باش خان، شانگلہ کول مائنز ورکرز ویلفیئر ایسوسی ایشن) سوات (کے سرفراز خان، یو ایم سی ورکرز یونین کے صدر حاجی سیف اللہ خان، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن پنجاب کے چیئرمین را سعید خٹک، یونائیٹڈ ماربل ورکرز یونین چاغی کے صدر سعید احمد بلانوشی، پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین شاہرگ کے جوائنٹ سیکرٹری حاجی یونس، پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین سورنج کے جنرل سیکرٹری سجاد کھوکھر، ایگر یکلچر

حاجی انور روانجھو لاسی کی انتھک محنت کی بدولت پیپلز پارٹی لسبیلہ میں منظم اور متحد ہے، امان اللہ بندیجہ و یوسف راہی

ضلعی صدر کارکنوں کے مسائل کے حل کے لیے ہمہ وقت کوشاں اور موثر نمائندگی کر رہے ہیں

بیلہ (بی پی آئی) پاکستان پیپلز پارٹی قلات ڈویژن کے ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری امان اللہ بندیجہ اور پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی انفارمیشن سیکرٹری یوسف راہی نے اپنے ایک مشترکہ جاری کردہ بیان میں پی پی پی لسبیلہ کے ضلعی صدر حاجی انور روانجھو لاسی کی دیرینہ پارٹی خدمات اور عملی جدوجہد کو زبردست الفاظ میں سراہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ موصوف کی انتھک محنت، خلوص اور دن رات کی کاوشوں کی بدولت ہی آج پارٹی ضلع لسبیلہ میں فعال، منظم و متحد ہے۔

کوئٹہ، ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان غوریزئی سے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کوئٹہ کے 46 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکا ملاقات کر رہے ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
بلوچستان کا کثیر الاشاعت
ABC Certificate
ممبر آف APNS
روزنامہ بلوچستان لائنز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر حاجی بابو خروٹی
ایڈیٹر محمد بلال خروٹی
Ph:081-2827012
Email.balochistanlines@gmail.com

پبلشر حاجی بابو خروٹی نے روزنامہ بلوچستان کوئٹہ سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر کبیر بلڈنگ کمرہ نمبر D-13 جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

ٹرمپ اور اپسٹین اسکینڈل

عثمان دموہی

قابل غور بات یہ ہے کہ آخر صدر ٹرمپ کو ایران سے جنگ کرنے کی کیا ضرورت تھی

اپسٹین فائلز میں صدر ٹرمپ کا نام ظاہر ہونے کے بعد وہ خود کو بچانے یا دنیا کی توجہ اس سے ہٹانے کے لیے بے حد بے چین تھے کہ نیتن یاہو نے انھیں ایران سے جنگ کرنے کے سلسلے میں اس کی معاونت کرنے کی دعوت دے دی جسے ٹرمپ نے فوراً ہی قبول کر لیا، اس لیے کہ اس جنگ کو طول دے کر وہ نہ صرف دنیا کی توجہ اپسٹین فائلز سے ہٹا سکتے تھے بلکہ اس ایشو کو بھی چھپا سکتے تھے۔

ایک مہینہ جنگ جاری رہنے کے بعد 11 اپریل کو اسلام آباد میں جنگ بندی کے بعد مذاکرات شروع ہوئے۔ 12 اپریل کو امن معاہدہ پر دستخط ہو جانا چاہیے تھے کیوں کہ دونوں ممالک کے درمیان تمام ہی نکات پر مفاہمت ہو گئی تھی، صرف ایک یورینیم افزودگی کا معاملہ طے ہونا تھا جو بعد میں بھی طے ہو سکتا تھا۔ پاکستان اپنی ثالثی پر بے حد خوش تھا کہ اس نے ایک بڑے مسئلے کو اپنی ثالثی کے ذریعے حل کے قریب پہنچا دیا ہے مگر ٹھیک اسی وقت صدر ٹرمپ نے فون پر امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کو معاہدے پر دستخط کرنے کے بجائے انھیں واپس وطن آنے کی ہدایت کی اور جب سے لے کر اب تک یہ معاملہ اٹکا ہوا ہے۔ آخر اس معاہدے میں اتنی دیر کیوں لگائی جا رہی ہے جب کہ اس معاملے کی وجہ سے پوری دنیا پریشان ہے، توانائی کا بحران روز بہ روز شدت اختیار کرتا جا رہا ہے جس سے پوری دنیا میں مہنگائی میں اضافے کا رجحان دیکھا جا رہا ہے۔ توانائی کا مسئلہ پہلے تو صرف غریب ممالک کو پریشان کر رہا تھا اب تو امیر ممالک بھی پریشان نظر آتے ہیں اور وہ بھی یہی چاہتے ہیں کہ ایران اور امریکا کے درمیان جلد امن معاہدہ طے پا جائے اور آبنائے ہرمز کا راستہ پہلے کی طرح کھل جائے۔

قابل غور بات یہ ہے کہ آخر صدر ٹرمپ کو ایران سے جنگ کرنے کی کیا ضرورت تھی، کیوں کہ ایران کسی بھی طرح امریکا کے لیے خطرہ نہیں تھا مگر لگتا ہے کہ اپسٹین فائلز میں ان کا نام آنے سے وہ اس وقت سخت پریشان تھے اور اس سے راہ فرار کی کوئی صورت تلاش کر رہے تھے کہ نیتن یاہو کی ایران سے جنگ کرنے میں اس کا ساتھ دینے کی دعوت کو انھوں نے فوراً قبول کر لیا۔

صدر ٹرمپ نے ایران پر جوہری ہتھیار بنانے کا الزام لگا کر اس کے ایٹمی مرکز پر حملہ کر دیا اور اعلان کر دیا کہ انھوں نے اسے مکمل طور پر تباہ کر دیا ہے۔ اس کے بعد ایران کو مذاکرات کی دعوت دی، اسے مذاکرات میں الجھا دیا اور خود اسرائیل کے ساتھ مل کر ایران میں رجیم چینج کرانے کے لیے اس پر بھرپور حملے شروع کر دیے، یہ ایران کے ساتھ سراسر دھوکہ تھا۔

یکم مئی مزدوروں کا دن بھی گزر گیا

زاہدہ حنا

یکم مئی ہمیں یہی یاد دلاتا ہے کہ سوال کرنا ضروری ہے اور خاموشی کبھی حل نہیں ہوتی

آج جب میں یہ سطور لکھنے بیٹھی ہوں تو یکم مئی دروازے پر دستک دے رہی ہے، وہ دن جسے ہم مزدوروں کے نام سے منسوب کرتے ہیں مگر کیا واقعی یہ دن اب بھی ان کا ہے، جن کے ہاتھوں کی لکیروں میں محنت اور مشقت کی داستانیں لکھی ہوتی ہیں؟

میں سوچتی ہوں کہ تاریخ کے اوراق میں وہ لمحہ کتنا روشن تھا جب شکاگو کی سڑکوں پر مزدوروں نے اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کی تھی، وہ آواز محض اجرت بڑھانے یا اوقات کار کم کرنے کی نہیں تھی بلکہ یہ انسان کی حرمت کی جدوجہد تھی، آج صدیوں بعد، ہم کہاں کھڑے ہیں؟

کراچی کی سڑکوں پر چلتے ہوئے جب میں مزدوروں کے چہروں کو دیکھتی ہوں تو ان چہروں میں ایک خاموش تھکن بسی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ یہ وہ تھکن نہیں جو ایک دن کی محنت کے بعد آتی ہے بلکہ یہ ایک ایسے نظام کی تھکن ہے جو انسان کو مسلسل نچوڑتا رہتا ہے۔ فیکٹریوں کے دروازے بند ہو رہے ہیں، صنعتیں دم توڑ رہی ہیں اور بے روزگاری کا سایہ ہر گھر کے دروازے پر دستک دے رہا ہے۔

کچھ دن پہلے ایک اخبار میں خبر پڑھی کہ ایک اور سرکاری ادارہ نجکاری کی نذر ہو گیا۔ مجھے یاد آیا کہ ہم نے بچپن میں ریاست کو ایک ماں کی طرح پڑھا تھا جو اپنے شہریوں کی کفالت کرتی ہے، ان کے حقوق کی محافظ ہوتی ہے، مگر اب لگتا ہے کہ یہ ماں اپنے ہی بچوں کو بازار میں فروخت کرنے پر مجبور ہو گئی ہے۔

سوال یہ ہے کہ اس مجبوری کا ذمے دار کون ہے؟ ہم ایک ایسے عہد میں جی رہے ہیں جہاں ترقی کے نام پر انسان کو پیچھے دھکیلا جا رہا ہے۔ مصنوعی ذہانت، خودکار مشینیں اور ڈیجیٹل دنیا، یہ سب ترقی کی علامتیں سمجھی جاتی ہیں مگر کیا یہ ترقی اس مزدور کے لیے بھی ہے جس کے ہاتھوں سے اوزار چھین لیے گئے ہیں؟

کیا یہ ترقی اس کسان کے لیے بھی ہے جس کی زمین پر اب کارپوریٹ اداروں کی نظریں ہیں۔ مجھے بار بار یہ سوال ستاتا ہے کہ جو لوگ اپنی محنت سے اس دنیا کو سنوارتے ہیں وہی اپنی بنیادی ضروریات سے کیوں محروم رہتے ہیں؟ یہ سوال آج بھی اتنا ہی تازہ ہے جتنا کل تھا۔

ہمارے سماج میں ایک عجیب تضاد پیدا ہو گیا ہے۔ ایک طرف چند لوگ ہیں جن کے پاس دولت کے انبار ہیں اور دوسری طرف ایک وسیع اکثریت ہے جو بنیادی ضروریات کے لیے ترس رہی ہے۔ یہ عدم مساوات محض اقتصادی مسئلہ نہیں بلکہ ایک اخلاقی بحران بھی ہے۔ جب ایک بچہ بھوکا سوتا ہے تو یہ صرف اس کے والدین کی ذمہ داری نہیں بلکہ پورے سماج کی شکست ہوتی ہے۔

میں اکثر سوچتی ہوں کہ ہم نے کب اور کیسے یہ مان لیا کہ یہ سب نارمل ہے کہ بے روزگاری ایک فطری چیز ہے کہ غربت مقدر ہے، مزدور کا استحصال ایک ناگزیر حقیقت ہے۔ شاید یہ وہ لمحہ تھا جب ہم نے سوال کرنا چھوڑ دیا۔

یکم مئی ہمیں یہی یاد دلاتا ہے کہ سوال کرنا ضروری ہے اور خاموشی کبھی حل نہیں ہوتی۔ حقوق مانگنے سے نہیں بلکہ جدوجہد سے ملتے ہیں۔ دنیا کے مختلف حصوں میں جب میں مزدور تحریک کو دیکھتی ہوں تو امید کی ایک کرن نظر آتی ہے۔ کہیں لوگ اپنے حقوق کے لیے سڑکوں پر نکل رہے ہیں، کہیں یونینز دوبارہ منظم ہو رہی ہیں، کہیں نوجوان نسل اس نظام پر سوال اٹھا رہی ہے۔ یہ خوش آیند بات ہے، اس سے امید باقی رہتی ہے۔

مگر ہمارے یہاں اکثر جدوجہد کو بدنام کیا جاتا ہے، آواز اٹھانے والوں کو خاموش کر دیا جاتا ہے اور اختلاف کو غداری کا نام دے دیا جاتا ہے۔ ایسے میں یکم مئی کا دن محض ایک رسمی تعطیل بن کر رہ جاتا ہے، ایک ایسا دن جس میں تقاریر تو ہوتی ہیں مگر عمل نہیں۔

میں یہ نہیں کہتی کہ حالات بدلنا آسان ہے۔ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ ہر تبدیلی ایک طویل اور کٹھن جدوجہد کا نتیجہ ہوتی ہے، مگر یہ بھی سچ ہے کہ کوئی بھی نظام ہمیشہ کے لیے قائم نہیں رہتا۔ جب ناانصافی اپنی انتہا کو پہنچتی ہے تو تبدیلی ناگزیر ہو جاتی ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم مزدور کو صرف ایک لیبر فورس کے طور پر نہ دیکھیں بلکہ انسان کے طور پر پہچانیں، جس کے خواب ہیں، خواہشات ہیں اور عزت نفس ہے۔ ہمیں ایک ایسے سماج کی تشکیل کرنی ہوگی جہاں ترقی کا مطلب صرف معاشی نمو نہ ہو بلکہ انسانی فلاح بھی ہو۔

یکم مئی کے اس موقع پر، شاید ہمیں خود سے یہ سوال پوچھنا چاہیے کیا ہم واقعی ایک منصفانہ معاشرے کی طرف بڑھ رہے ہیں یا ہم صرف ایک ایسے نظام کو سہارا دے رہے ہیں جو چند لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے اور باقی سب کو پیچھے چھوڑ دیتا ہے۔

یہ سوال آسان نہیں مگر ضروری ہے۔ یکم مئی صرف ایک دن نہیں، ایک یاددہانی ہے کہ انسان کی عزت اس کی محنت اور اس کے حقوق کسی بھی سماج کی بنیاد ہوتے ہیں، اگر یہ بنیاد کمزور ہو جائے تو کوئی بھی عمارت زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتی۔

کوئی بھی سماج اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا جب تک انصاف نہ ہو، برابری نہ ہو، لوگوں کو ایک سے مواقع میسر نہ ہوں، اگر ہمیں آگے بڑھنا ہے تو مزدوروں کو ساتھ لے کر آگے بڑھنا ہوگا۔

شکاگو میں 1886 کے دوران مزدوروں سے 16 گھنٹے بیگار لینے کا معاملہ ہو یا مزدوروں کی اپنی محنت کے حق مانگنے کا واقعہ ہو، امریکا کے عوام اور محنت دشمن قیادت لوٹ کھسوٹ کے سرمایہ دارانہ نظام کو بچانے کے لیے نہ صرف قتل و خون اور بربریت میں مصروف رہی ہے۔

بلکہ ملکوں کی سیاست و اقتصادیات میں اپنے مہرے داخل کر کے ترقی پذیر ممالک کو زیر تسلط لاتی رہی ہے، جس کے لیے امریکی پالیسیوں کے تحت ترقی پذیر ممالک میں مذہبی سیاست کو پروان چڑھایا گیا، افریقی اور اسلامی بلاک میں مذاہب اور قبیلائی بنیاد پر نکاراگوا، روانڈہ، صومالیہ، افریقی جزائر، افغانستان، لیبیا، عراق، فلسطین، غزہ، مشرق وسطی کے تیل کی لوٹ کھسوٹ اور دنیا بھر میں دہشت گردی کی تنظیموں کو نہ صرف اپنے مفاد میں استعمال کیا بلکہ مذکورہ ممالک میں امریکی مفادات کے لیے سرمائے اور ڈالر کی بنیاد پر القاعدہ، داعش، صومالی جنگجو، طالبان، بی ایل اے اور نہ جانے کتنی تنظیمیں بنائی گئیں اور اب بھی وینزویلا سے لے کر مالی تک میں مختلف دہشت گرد گروپوں کی پشت پناہی میں امریکا اور دیگر سرمایہ دار ملک مصروف عمل ہیں۔

سرمایہ دارانہ عالمی نظام کے مزدور دشمن منظر نامے میں ہمارے ایسے ترقی پذیر ممالک میں مزدور تحریک یا روشن خیال سوچ کی سیاست کہاں کھڑی ہے اور اب تک کیوں ایک مزدور دوست معیشت کے مطلوبہ ہدف سیاسی یا ٹریڈ یونین کی سطح پر مضبوط و مربوط نہیں ہو پائے ہیں؟

ٹریڈ یونین سیاست یا روشن خیال سماج کی تشکیل میں ایک مضبوط بیانیہ دینے میں آخر کار ہمارے ہاں کی فکر مند تنظیمیں یا گروہ کیوں اب تک ناکام یا تتر بتر سے نظر آتے ہیں۔

یہ آج کے پاکستانی سماج کا وہ اہم سوال ہے۔۔

جو خاص طور پر 70 اور 80 کی دہائی میں فوجی جنرل ضیا اور ان سے قبل فوجی آمریتوں نے اس سماج کو سرمایہ دار ممالک کے حکمرانوں کی خوشنودی کے لیے نہ صرف جہادی بلکہ غیر سیاسی بنایا اور سماج کو تقسیم کرنے کے لیے فرقہ پرستوں سے لے کر ان خود ساختہ سیاست دانوں کو سماج کا نگراں بنایا، جو بادی النظر میں سرمایہ دارانہ مفادات کے خلاف نہیں ہو سکتے

تہذیب کی قرات

خالد محمود رسول

کتاب کے موضوعات اور استدلال کا کینوس بہت وسیع ہے

ہم ایک تہذیبی شیزوفینیا میں مبتلا ہیں، جس نے خود ہمیں اپنی نگاہ سے پوشیدہ کر رکھا ہے۔ خیالی غلبے کی لذت اتنی بڑھی ہوئی ہے کہ واقعی مغلوبیت کی کسک محسوس ہی نہیں ہوتی۔ یہ مختصر اقتباس حال ہی میں شائع ہونے والی ایک عمدہ کتاب تہذیب کی قرات سے ہے)ایمل مطبوعات اسلام آباد(۔ کتاب کے مصنف معروف دانشور، فلاسفر اور ماہر اقبالیات احمد جاوید ہیں۔ اپنے نام اور موضوعات کے اعتبار سے یہ کتاب اسم با مسمی ہے۔ ہمارے ہاں علمی حلقوں میں زیر بحث بہت سے اہم موضوعات اس کتاب کا حصہ ہیں: ایمان اور عقل جدید، تہذیب و ثقافت، مغرب: فکری اساسیات سے ماسٹرز بعد جدیدیت تک، دین، احیائے دین اور مذہبی، اصلاحی و سیاسی تحریکیں، مابعد الانسان دور، اقبالیات، ادب و فنون، مختلف نظام ہائے تعلیم و تربیت اور ٹیکنالوجی اور میڈیا۔

کتاب کا عنوان انتہائی معنی خیز ہے۔ اپنی تاریخ، تہذیب اور ورثے کا فخریہ اقرار اور اس کی گہرائی میں اتر کر قرات پر مبنی ہے۔ احمد جاوید باقاعدگی سے مختلف محفلوں، مجالس اور چینلز پر ان موضوعات پر انتہائی پر مغز اور سنجیدہ گفتگو کرتے آئے ہیں۔ یہ کتاب ان کے ایسے ہی مکالموں سے کشید ہے۔ گفتگو یا بیانیہ مواد سے کتاب کی تدوین مشکل امر ہے لیکن شاہد اعوان نے یہ مشکل کام انتہائی محنت اور جاں فشانی سے سرانجام دیا ہے۔

گزشتہ دنوں کاشف منظور ڈائریکٹر جنرل پبلک لائبریریز کے ہاں اس کتاب کا ذکر آیا۔ موضوع کی گیرائی اور احمد جاوید کی استدلال کے سبب کتاب سے دلچسپی بڑھ گئی۔ کاشف منظور نے کتاب عنایت کی۔ مطالعہ شروع کیا تو موضوعات کے تنوع اور استدلال نے باندھ کر رکھ لیا۔

احمد جاوید کو ہم نے کئی بار سنا، ان کی شاعری بھی سنی۔ ان کا انداز بیاں اور لہجہ بہت منفرد ہے۔ ان کی رائے اور استدلال سے اختلاف ہو سکتا ہے لیکن ان کے خلوص، وسعت مطالعہ اور گہرے غور و فکر کی ریاضت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

کتاب کے مرتب اور تدوین کار شاہد اعوان کے بقول احمد جاوید صاحب ہمارے وقت کا ایک نادر علمی وجود اور یگانہ روزگار شخصیت ہیں۔ اپنے موضوعات کے تنوع، فکر کی گہرائی، ندرت بیان، اظہار کے اسلوب، ذہن کی خلاقی، طبیعت کی درویشی اور بے مثل اخلاق جیسے عوامل کے امتزاج نے انھیں یہ مقام عطا کیا ہے۔ احمد جاوید صاحب کی شخصیت تیزی سے گم ہوتی ہوئی ہماری فکر و تہذیب کی ایک کڑی ہے جو اپنے عصر سے ہم آہنگ اور روایت میں گڑی ہے۔ جاوید صاحب کئی برسوں سے مجالس اور سماجی میڈیا کے ذریعے اپنی فکر کا چراغ جلائے ہوئے ہیں اور تہذیب و روایات کے عشاق کے لیے امید کی کرن ہیں۔ احمد جاوید صاحب کا علمی کام بوجوہ تحریری کم اور جدید صوتی و بصری ذرائع ابلاغ کے توسط سے زیادہ رہا۔ حرف مطبوعہ کی وقعت اور اہمیت کے پیش نظر کتابی شکل میں اس مواد سے ایک ایسا گراں مایہ علمی مواد فراہم ہو گیا ہے جو بجا طور پر وقت کی ضرورت ہے۔

کتاب کے موضوعات اور استدلال کا کینوس بہت وسیع ہے اور کالم کا دامن محدود۔ تاہم تہذیب کی قرات سے چند خوشے آپ کی نذر ہمارے زوال کا حقیقی ذمے دار کون؟ اس ضمن میں احمد جاوید کا استدلال کچھ یوں ہے: کبھی غور کیجیے کہ مسلمان علمی طور پر پسماندہ ہیں، بالکل ٹھیک لیکن اس علمی پسماندگی کا بڑا سبب علما نہیں ہیں، جدید تعلیم یافتہ طبقہ ہے، یہ بہت پسماندہ ہے، اسی طرح مسلمان اخلاقی طور پر بہت کم تر ہیں۔

یہ بات بھی بالکل ٹھیک ہے لیکن اس اخلاقی کمتری کے مظاہر جدید تعلیم یافتہ طبقے میں روایتی طبقے سے زیادہ نظر آتے ہیں۔

عالمی استحصالی سیاست کا غیر سیاسی تجزیہ

وارث رضا

طاقتور ملکوں کا کمزور ملکوں کی اقتصادیات پر قبضہ کرنے کی تاریخ بہت زیادہ پرانی ہے

دنیا میں سامراجی حکومتوں اور سرمایہ دارانہ ہوس نا کیوں کا مزدور دشمن کردار ہر برس یکم مئی کو چیخ چیخ کر انسانی محنت کی بے توقیری کو جہاں دنیا کے سامنے لاتا رہتا ہے، وہیں تاریخ شکاگو کے محنت کشوں پر کیے گئے، ظلم و ستم دنیا کے سامنے نہ صرف لاتی رہتی ہے بلکہ سامراجی سرمائے کے بل بوتے پر دنیا بھر میں طاقت کے نشے میں طاقتور اقوام کمزور اقوام کے وسائل کو جنگ و جدل سے ہڑپنے اور ظلم و ستم کی یاد تازہ کراتی رہتی ہے۔ طاقتور ملکوں کا کمزور ملکوں کی اقتصادیات پر قبضہ کرنے کی تاریخ بہت زیادہ پرانی ہے۔ آج کی نشست میں میرا تکلم ان دوستوں اور روشن خیال فکر کے دلدادہ افراد سے ہے جو دنیا کو ہتھیاروں کی دوڑ سے دور رکھنے کی بات کرتے ہیں۔

اور ور دل سے چاہتے ہیں کہ دنیا میں سرمایہ دارانہ تسلط اور ہیجان خیزی کی جگہ عوام کی معاشی حالت کو بہتر کرنے کی جنگ کی طرف دنیا کو جایا جائے تاکہ پر امن ماحول میں دنیا کے تمام ممالک اپنی توانائی اور آزادی و سلامتی کو عوام کی اقتصادی صورت حال کو بہتر کرنے پر لگائیں اور عوام کی محنت سے ایک ایسا صنعتی انقلاب برپا کریں، جو عوام کی معاشی فکر کو کم کر کے، روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کی ضمانت دے۔ اور وہاں کی حکومتیں عوام کو بنیادی صحت و تعلیم کی مفت سہولیات فراہم کرنے کی ریاستی ذمے داری نبھائیں تاکہ دنیا کے عوامی رشتے پر امن بقائے باہمی کے ساتھ معاشی بہتری کے لیے آپس میں مضبوطی سے جڑے رہیں۔ امریکا اور اسرائیل کے مشترکہ جنگی اتحاد کے ذریعے فروری 2026 میں مذاکرات کے دوران ایران پر فوجی پیش قدمی یا حملہ دنیا کی جنگی تاریخ میں کوئی نیا دھوکا یا واقعہ نہیں، جنگ عظیم دوم اور اس کے بعد دنیا کی کمزور معیشتوں کو ہڑپنے یا انھیں اپنے زیر تسلط لانے میں امریکا آج کے جدید دور میں بھی طاقت کے نشے میں ہتھیاروں کے سرمایہ داروں کے ذریعے سرمایہ داری کو بزور طاقت نافذ کرنا چاہتا ہے۔

جس کی مثال فلسطین کے غزہ میں اسرائیلی بربریت اور معصوم بچوں کا قتل اور اب اسرائیل اور لوٹ کھسوٹ کی سرمایہ دارانہ ڈوبتی ہوئی امریکی معیشت کا سب سے بڑا ہدف ایران کی آڑ میں چین اور مشرق وسطی کے تیل پیدا کرنے والے ممالک نظر آتے ہیں۔ امریکی مفادات میں دنیا کو تباہ کرنے اور اپنی اجارہ داری قائم کرنے کی امریکا کی یہ کوئی نئی حرکت نہیں۔ امریکی مفادات کے حصول میں پینٹا گون اشرافیہ کے نزدیک اس بات کی بھی کوئی اہمیت نہیں کی۔

امریکی صدر ری پبلکن ہے یا ڈیموکریٹ، امریکی پینٹا گون اپنے سرمایہ دارانہ ہدف کے لیے دنیا میں کچھ بھی کر سکتا ہے، کیا پوری دنیا اس حقیقت سے واقف نہیں کہ جنگ عظیم دوم کے دوران جرمن اور جاپان سے شکست کھانے کے قریب امریکا نے روس کے جوزف اسٹالن سے اتحادی ہونے کی نہ صرف پاسداری نہ کی بلکہ اسٹالن کے علم میں لائے بغیر ایٹم بم بنایا اور امریکا کے ڈیموکریٹ صدر ہیری ٹرومین نے جنگ کے بنیادی اصول کو توڑتے ہوئے جاپان کے شہر ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرائے اور یوں جاپان کی قوت کو ختم کیا گیا۔

شکاگو میں 1886 کے دوران مزدوروں سے 16 گھنٹے بیگار لینے کا معاملہ ہو یا مزدوروں کی اپنی محنت کے حق مانگنے کا واقعہ ہو، امریکا کے عوام اور محنت دشمن قیادت لوٹ کھسوٹ کے سرمایہ دارانہ نظام کو بچانے کے لیے نہ صرف قتل و خون اور بربریت میں مصروف رہی ہے۔ بلکہ ملکوں کی سیاست و اقتصادیات میں اپنے مہرے داخل کر کے ترقی پذیر ممالک کو زیر تسلط لاتی رہی ہے، جس کے لیے امریکی پالیسیوں کے تحت ترقی پذیر ممالک میں مذہبی سیاست کو پروان چڑھایا گیا، افریقی اور اسلامی بلاک میں مذاہب اور قبیلائی بنیاد پر نکاراگوا، روانڈہ، صومالیہ، افریقی جزائر، افغانستان، لیبیا، عراق، فلسطین، غزہ، مشرق وسطی کے تیل کی لوٹ کھسوٹ اور دنیا بھر میں دہشت گردی کی تنظیموں کو نہ صرف اپنے مفاد میں استعمال کیا بلکہ مذکورہ ممالک میں امریکی مفادات کے لیے سرمائے اور ڈالر کی بنیاد پر القاعدہ، داعش، صومالی جنگجو، طالبان، بی ایل اے اور نہ جانے کتنی تنظیمیں بنائی گئیں اور اب بھی وینزویلا سے لے کر مالی تک میں مختلف دہشت گرد گروپوں کی پشت پناہی میں امریکا اور دیگر سرمایہ دار ملک مصروف عمل ہیں۔

سرمایہ دارانہ عالمی نظام کے مزدور دشمن منظر نامے میں ہمارے ایسے ترقی پذیر ممالک میں مزدور تحریک یا روشن خیال سوچ کی سیاست کہاں کھڑی ہے اور اب تک کیوں ایک مزدور دوست معیشت کے مطلوبہ ہدف سیاسی یا ٹریڈ یونین کی سطح پر مضبوط و مربوط نہیں ہو پائے ہیں؟

ٹریڈ یونین سیاست یا روشن خیال سماج کی تشکیل میں ایک مضبوط بیانیہ دینے میں آخر کار ہمارے ہاں کی فکر مند تنظیمیں یا گروہ کیوں اب تک ناکام یا تتر بتر سے نظر آتے ہیں۔

یہ آج کے پاکستانی سماج کا وہ اہم سوال ہے جو خاص طور پر 70 اور 80 کی دہائی میں فوجی جنرل ضیا اور ان سے قبل فوجی آمریتوں نے اس سماج کو سرمایہ دار ممالک کے حکمرانوں کی خوشنودی کے لیے نہ صرف جہادی بلکہ غیر سیاسی بنایا اور سماج کو تقسیم کرنے کے لیے فرقہ پرستوں سے لے کر ان خود ساختہ سیاست دانوں کو سماج کا نگراں بنایا، جو بادی النظر میں سرمایہ دارانہ مفادات کے خلاف نہیں ہو سکتے تھے۔ اور آج سیاست اور مزدوروں کے حقوق پر غور و فکر کرنے والے بوجھل دل کے ساتھ پاکستان کے غیر سیاسی بنائے جانے والا عذاب نہ صرف جھیل رہے ہیں بلکہ روشن خیال قوتیں سماج کی ان سیاسی اور نظریاتی قوتوں کو جوڑنے میں ناکام نظر آتی ہیں جو سماج کی نئی نسل کو سیاسی ماحول فراہم کرنے میں سماج کی حقیقتوں کا ادراک رکھتی ہوں۔

ہمارے سیاسی سماج اور نظریاتی تحاریک کے سماج کو جان بوجھ کر غیر آئینی اور آمرانہ حکمرانوں نے بہت منصوبہ بندی سے غیر سیاسی کیا، جس میں سب سے بڑی کراچی کی صنعتی مزدور کی روشن خیال سیاسی قوت کو ختم کرنا ٹھہرا گیا۔

جس کے لیے ان غیر سیاسی حکمرانوں نے اپنے مقاصد کے لیے مذہبی اور قوم پرست قوتوں کو اپنا ہمراہی بنا کر سماج میں غیر سیاسی کوششوں اور عمل کو پروان چڑھایا جس میں سرد جنگ کے خاتمے کے بعد امریکی اور یورپی این جی اوز نے انسانی اور مزدور حقوق کے نام پر سرمایہ دارانہ فنڈنگ لے کر سماج کو سیاسی کے بجائے اصلاحی بنانے کی کوشش کی اور بیشتر این جی اوز کے کرتا دھرتا جنرل پرویز مشرف کے ریفرنڈم میں ان کے ساتھی کے طور پر کام کرتے رہے اور خود پر سے روشن خیالی اور ترقی پسندی کی چادر بھی نہ اتاری۔

یہ پاکستانی سماج کے غیر سیاسی ہونے کا وہ عمومی پہلو ہے جس کو بیشتر دوست نظر انداز کر کے پرانی دوستیاں نبھانے پر غیر سیاسی سوچ کے ساتھ باعمل نظر آتے ہیں، جو کہ ہماری سیاسی سوچ کا ایک افسوسناک اور قابل مذمت پہلو ہے، جس کے پیش نظر ہم اپنی نئی نسل کو غیر سیاسی کرنے کے ذمے دار بھی نظر آتے ہیں۔

سوال تو یہ بھی بنتا ہے کہ جب کمیونسٹوں نے سبط حسن کے توسط سے انقلاب ایران ایسی کتاب کے ذریعے تھیوکریسی کا پردہ چاک کیا تھا، یہ انقلاب ایران کا وہ دور تھا جب سارے روشن خیال خمینی انقلاب کی حمایت کر رہے تھے مگر ایران کی تودہ پارٹی اور دنیا کی کمیونسٹ فکر انقلاب ایران کو ایک رجعتی سیاسی نظام سے تشبیہ دے رہے تھے کیونکہ ظلم و جبر، سرمایہ داری اور ملائیت کا وہ گٹھ جوڑ ہے جسے نظریاتی سیاست اپنائے بغیر سمجھنا مشکل عمل ہے۔

امریکی عوام ایران پر امریکی حملوں کے خلاف محو احتجاج ہو گئے، کیوں کہ ان کے نزدیک یہ اسرائیلی جنگ تھی، اس میں امریکا کو کودنے کی کیا ضرورت تھی؟ مگر ٹرمپ اپنے عوام کے احتجاج کو نظر انداز کر کے ایران پر اسرائیل کے ساتھ مل کر حملوں میں مصروف رہے، ان حملوں کے نتیجے میں ایران کے رہبر اعلی امام علی خامنہ ای ہی نہیں، کئی ایرانی اہم شخصیات شہید کر دی گئیں۔

یہ جنگ تقریباً ایک ماہ تک جاری رہی مگر اس میں ہر محاذ پر ایران کا پلہ بھاری رہا۔

امن اور انسانیت پر موقف عالمی ضمیر کی آواز

پروفیسر شاداب احمد صدیقی

اگر مذہبی رہنما بھی خاموش رہیں گے تو دنیا میں اخلاقی آواز کمزور ہو جائے گیامریکا، اسرائیل اور ایران کے درمیان جاری کشیدہ صورتحال اور جنگی جنون کے تناظر میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایک بار پھر سخت بیانات کے باعث عالمی توجہ کا مرکز بن گئے ہیں۔ تازہ سیاسی بیانات میں وہ مذہبی رہنما پوپ لیو XIV کے حوالے سے بھی کھل کر سامنے آتے دکھائی دیتے ہیں، جس پر عالمی سطح پر مختلف ردعمل سامنے آرہا ہے۔

ٹرمپ کے ان مبینہ مقف اور بیانات کے بعد کیتھولک مسیحی حلقوں میں شدید بے چینی اور برہمی کی لہر دیکھی جا رہی ہے، جب کہ ناقدین کے مطابق اس نوعیت کی بیان بازی نہ صرف مذہبی ہم آہنگی کو متاثر کر سکتی ہے بلکہ عالمی سیاسی ماحول کو مزید کشیدہ بنانے کا باعث بھی بن سکتی ہے۔

عالمی منظر نامہ اس وقت سیاسی، مذہبی اور سفارتی کشمکش کے ایک نہایت نازک مرحلے سے گزر رہا ہے۔ مشرق وسطی میں جاری کشیدگی، بڑی طاقتوں کے درمیان بڑھتی ہوئی محاذ آرائی اور بین الاقوامی اداروں کی کمزور ہوتی ہوئی مؤثریت نے دنیا کو ایک غیر یقینی صورت حال سے دوچار کر رکھا ہے۔

ایسے میں مذہبی قیادت، بالخصوص کیتھولک مسیحیوں کے روحانی پیشوا پوپ لیو XIV کی حالیہ سرگرمیوں اور بیانات نے عالمی سطح پر ایک نئی بحث کو جنم دیا ہے۔ یہ لفظی جنگ اس وقت شروع ہوئی جب صدر ٹرمپ نے پوپ لیو کو ان کی امیگریشن اور خارجہ پالیسی) خصوصاً ایران کے معاملے میں (پر تنقید کرنے پر خارجہ پالیسی کے لیے کمزور اور نقصان دہ قرار دیا تھا۔ ٹرمپ نے یہاں تک کہا کہ وہ پوپ کے بڑے مداح نہیں ہیں اور انھیں سیاست میں دخل نہیں دینا۔ یہ بحث محض ایک مذہبی رہنما کے بیانات تک محدود نہیں رہی بلکہ اس نے سیاست، اخلاقیات اور بین الاقوامی تعلقات کے درمیان حد فاصل کے حوالے سے بھی کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔

پوپ لیو XIV کی شخصیت ویٹی کن سٹی اور عالمی کیتھولک برادری میں ایک نمایاں مقام رکھتی ہے، وہ نہ صرف مذہبی رہنما ہیں بلکہ کروڑوں افراد کے لیے اخلاقی رہنمائی کا ایک اہم ذریعہ بھی تصور کیے جاتے ہیں۔

پوپ کے عہدے کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ وہ عالمی سطح پر امن، برداشت، انسانی حقوق اور اخلاقی اصولوں کی نمائندگی کریں۔ پوپ لیو نے منصب سنبھالنے کے بعد اپنے ابتدائی خطابات ہی میں اس بات پر زور دیا تھا کہ دنیا کو تقسیم نہیں بلکہ اتحاد اور مکالمے کی ضرورت ہے۔

ان کے نزدیک مذہب کا بنیادی مقصد انسان کو انسان سے جوڑنا اور نفرت کے بجائے محبت کو فروغ دینا ہے۔ حالیہ مہینوں میں پوپ لیو XIV نے دنیا میں جاری جنگوں اور بالخصوص مشرق وسطی کے بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انھوں نے اپنے ایک عالمی پیغام میں کہا کہ جنگیں انسانی تہذیب کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہیں اور اگر عالمی برادری نے بروقت سفارت کاری اور مذاکرات کا راستہ نہ اپنایا تو نتائج مزید تباہ کن ہو سکتے ہیں۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ طاقت کا استعمال ہمیشہ حل نہیں ہوتا بلکہ اکثر اوقات یہ مسائل کو مزید پیچیدہ بنا دیتا ہے۔ ان کے مطابق دنیا کو اس وقت ہتھیاروں کی دوڑ نہیں بلکہ امن کی دوڑ کی ضرورت ہے، اگرچہ انھوں نے کسی کا نام نہیں لیا، تاہم ان کا اشارہ بظاہر Donald Trump کی انتظامیہ کی طرف تھا، جس پر الزام ہے کہ وہ عیسائی قوم پرستی کو استعمال کرتے ہوئے امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ کو جواز فراہم کر رہی ہے۔

پوپ نے اپنے سرکاری ایکس) سابقہ ٹوئٹر (اکاؤنٹ پر لکھا: خدا کسی بھی تنازعے کو برکت نہیں دیتا جو کوئی مسیح، یعنی امن کے شہزادے کا پیروکار ہے، وہ کبھی ان لوگوں کے ساتھ نہیں ہو سکتا جو کبھی تلوار اٹھاتے تھے اور آج بم گراتے ہیں۔

انھوں نے مزید کہا فوجی کارروائی نہ آزادی کے لیے جگہ پیدا کرے گی اور نہ ہی امن لائے گی۔ امن صرف عوام کے درمیان بقائے باہمی اور مکالمے کے صبر آزما عمل سے ہی ممکن ہے۔

دوسری جانب ٹرمپ اور ان کے اعلی عہدیدار مسلسل مذہبی زبان استعمال کرتے ہوئے یہ تاثر دیتے رہے ہیں کہ امریکا کی ایران کے خلاف کارروائیاں خدائی حمایت سے ہو رہی ہیں، جب کہ ساتھ ہی تباہی اور موت کی دھمکیاں بھی دی جا رہی ہیں۔

جب ٹرمپ نے دھمکی دی کہ اگر ایران نے آبنائے ہرمز نہ کھولی تو ایک پوری تہذیب آج رات ختم ہو سکتی ہے، تو پوپ لیو نے اس بیان کو بالکل ناقابل قبول قرار دیا۔ یہ بیانات عالمی میڈیا میں نمایاں طور پر رپورٹ ہوئے اور مختلف ممالک میں ان پر مختلف ردعمل سامنے آیا۔ کچھ حلقوں نے اسے اخلاقی جرات قرار دیا جب کہ بعض سیاسی مبصرین نے اسے سفارتی معاملات میں مذہبی مداخلت کے طور پر دیکھا۔ اسی دوران امریکا کی سیاسی فضا میں بھی اس معاملے نے جگہ بنائی، جہاں سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پوپ لیو کے بعض بیانات پر تنقید کی۔

ٹرمپ نے ان بیانات کو سیاسی طور پر غیر حقیقت پسندانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ عالمی سیاست میں طاقت اور عملی اقدامات زیادہ اہم ہیں۔ ان کے مطابق صرف امن کی اپیلیں زمینی حقائق کو تبدیل نہیں کر سکتیں، بلکہ اس کے لیے مضبوط پالیسی اور سخت فیصلے درکار ہوتے ہیں۔

اس تنقید کے بعد یہ معاملہ صرف مذہبی یا اخلاقی بحث نہیں رہا بلکہ ایک سیاسی بحث کی شکل اختیار کر گیا، جس میں مذہب اور ریاست کے کردار پر سوالات اٹھنے لگے۔

پوپ لیو کا مقف: ان تنقیدوں کے جواب میں پوپ لیو XIV نے اپنے مقف کو مزید واضح کرتے ہوئے کہا کہ ان کی باتیں کسی سیاسی جماعت یا ملک کے خلاف نہیں ہیں۔ انھوں نے زور دیا کہ مذہبی قیادت کا بنیادی کام انسانیت کی خدمت اور امن کی حمایت کرنا ہے۔ ان کے مطابق اگر مذہبی رہنما بھی خاموش رہیں گے تو دنیا میں اخلاقی آواز کمزور ہو جائے گی۔ پوپ نے کہا کہ وہ کسی دباؤ کے سامنے اپنی اخلاقی ذمے داری سے پیچھے نہیں ہٹیں گے اور انسانیت کے حق میں آواز بلند کرتے رہیں گے۔

اسی عرصے میں پوپ لیو XIV نے افریقہ کے مختلف ممالک کا دورہ بھی کیا۔ اس دورے کا مقصد مذہبی ہم آہنگی، سماجی انصاف اور غربت کے خاتمے جیسے موضوعات پر توجہ دلانا تھا۔ افریقی خطے میں اپنے خطابات کے دوران انھوں نے بار بار اس بات پر زور دیا کہ دنیا میں پائیدار امن صرف اس وقت ممکن ہے جب معاشی ناہمواریوں، مذہبی انتہا پسندی اور سیاسی عدم استحکام کا خاتمہ کیا جائے۔

انھوں نے نوجوانوں کو خاص طور پر مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ نفرت انگیز نظریات سے دور رہیں اور علم، برداشت اور مکالمے کو فروغ دیں۔

موجودہ عالمی صورتحال کو دیکھا جائے تو یہ واضح ہوتا ہے کہ دنیا پہلے ہی کئی بحرانوں سے گزر رہی ہے۔

توانائی کا بحران، معاشی عدم استحکام، علاقائی جنگیں اور ماحولیاتی مسائل نے عالمی نظام کو دباؤ میں ڈال رکھا ہے۔ ایسے میں پوپ لیو XIV جیسے عالمی رہنماؤں کے بیانات ایک علامتی اہمیت بھی رکھتے ہیں۔

بقیہ 1

ہے، تہران نے جنگ کے خاتمے اور اعتماد سازی کے لیے ایک جامع 14 نکاتی فارمولا پاکستان کے حوالے کر دیا۔ عالمی میڈیا کے مطابق ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی "تسنیم" نے مذاکراتی ٹیم کے قریبی ذرائع کے حوالے سے رپورٹ دی ہے کہ ایران نے پاکستان کے ذریعے نئی اور جامع تجاویز پیش کی ہے، ان 14 نکاتی تجاویز کا بنیادی مقصد خطے میں جاری کشیدگی اور ممکنہ جنگ کا خاتمہ کرنا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایران کی نئی تجاویز کے دو بنیادی ستون ہیں جن میں سے ایک خطے کو بڑی تباہی سے بچانے کے لیے فوری اور پائیدار جنگ بندی ہے جب کہ دوسرا اہم نکتہ تہران اور واشنگٹن کے درمیان برسوں سے قائم بداعتمادی کی خلیج کو کم کرنا ہے تاکہ مستقبل میں کسی بھی معاہدے کی راہ ہموار ہو سکے۔ سفارتی محاذ پر اس تیزی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی، جو ایک اہم دورے پر تہران میں موجود ہیں، انہوں نے اپنے دورے میں مزید ایک دن کی توسیع کر دی ہے، اب وہ تیسرے روز بھی تہران میں قیام پذیر ہیں، جہاں وہ ممکنہ طور پر ایرانی قیادت کے ساتھ ان 14 نکات اور ان کی واشنگٹن تک رسائی کے طریقہ کار پر مشاورت کر رہے ہیں۔ خیال کیا جا رہا ہے کہ پاکستانی وزیر داخلہ کی تہران میں طویل موجودگی اور ایران کی جانب سے 14 نکات کی فراہمی اس بات کا ثبوت ہے کہ تہران اور واشنگٹن دونوں کو اسلام آباد کی ثالثی پر مکمل اعتماد ہے، یہ نکات اب پاکستان کے ذریعے امریکی حکام تک پہنچائے جائیں گے، جس کے بعد مذاکرات کے اگلے دور کا تعین کیا جائے گا، اس پیشرفت کو انتہائی اہم قرار دیا جا رہا ہے، کیونکہ یہ تجاویز ایسے وقت میں آئی ہیں جب خطے میں جنگ کے بادل گہرے ہو رہے تھے۔

بقیہ 2

بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا ماحول قومی جذبے، حب الوطنی اور پاک فوج سے والہانہ محبت سے سرشار رہا۔ تقریب کا آغاز منظور احمد بٹ کی تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ڈپٹی ہیڈ آف چانسری عدیل خان آفریدی نے انتہائی احسن انداز میں انجام دیے۔ انہوں نے شرکاء کو خوش آمدید کہتے ہوئے معرکہ حق کی تاریخی کامیابی پر پوری پاکستانی قوم اور اوورسیز کمیونٹی کو مبارکباد پیش کی۔ تقریب میں قومی ترانہ پیش کیے جانے کے دوران تمام شرکاء احتراماً کھڑے ہو گئے اور بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ قومی ترانہ پڑھا جس سے ہال پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ اپنے خطاب میں سفیر پاکستان کامران اختر ملک نے کہا کہ معرکہ حق صرف ایک عسکری کامیابی نہیں بلکہ یہ پوری قوم کے اتحاد، ایمان، قربانی اور بہترین سفارت کاری کی روشن علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کی سفارت کاری عالمی سطح پر انتہائی مضبوط اور مؤثر انداز میں ابھر کر سامنے آئی ہے اور دنیا بھر میں پاکستانی سفارتخانوں نے قومی موقف کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا۔ سفیر پاکستان کے مطابق اس تاریخی کامیابی کا سہرا پاک فوج، حکومت پاکستان، پاکستانی عوام، میڈیا، اوورسیز پاکستانیوں اور قومی اداروں کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے پاک فوج کے سپہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جرأتمندانہ قیادت، پیشہ ورانہ حکمت عملی اور قومی سلامتی کیلئے غیر متزلزل عزم کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف، ڈپٹی وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور پاکستانی سفارتی مشن کی کامیاب سفارت کاری کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے عالمی سطح پر نہایت مؤثر انداز میں اپنا مقدمہ پیش کیا اور دشمن کے منفی پروپیگنڈے کو شکست دی۔ سفیر پاکستان نے کہا کہ پاک فوج دنیا کی بہترین اور انتہائی منظم افواج میں شامل ہے، جس نے ہر مشکل وقت میں قوم کی امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور دشمن کو ہمیشہ کی طرح منہ توڑ جواب دیا جاتا رہے گا۔ تقریب کے دوران معرکہ حق کی کامیابی پر مبنی خصوصی ڈاکومنٹری فلم بھی دکھائی گئی، جسے حاضرین نے بے حد سراہا اور تالیاں بجا کر پاک فوج اور پاکستان کے حق میں بھرپور نعرے لگائے۔ دیگر مقررین میں عرفان شاہد، غلام مصطفیٰ بلوچ، پروفیسر شوکت اعوان اور مصر سے تعلق رکھنے والے پروفیسر ڈاکٹر عزت عواد شامل تھے، جنہوں نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، قربانیوں اور پاکستان کے دفاع میں تاریخی کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔ معروف شاعر غلام مصطفیٰ نعیمی نے اپنی ولولہ انگیز نظم کے ذریعے پاک فوج اور وطن سے محبت کے جذبات کو اجاگر کیا۔ تقریب کے اختتام پر امت مسلمہ، فلسطین، پاکستان، پاک فوج، ملکی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور عالمی امن کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ آخر میں پاکستان زندہ باد سے ہال گونج اٹھا۔

بقیہ 3

کوئی دشمنی نہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسماعیل بقائی نے بتایا کہ پاکستانی ثالثی کے ذریعے بات چیت کا عمل جاری ہے، حالیہ ایرانی تجویز پر ایران اور امریکا دونوں اپنے کمنٹس دے چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ امریکا کے ساتھ مذاکرات میں ایرانی مطالبات میں ایرانی منجمد فنڈز جاری کرنا اور پابندیاں اٹھانا شامل ہیں۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ دشمن کو جواب دینا بخوبی جانتے ہیں، امریکا جان چکا ہے کہ وہ دھمکیوں اور اقتصادی دباؤ سے ایران کو انخلاق کے حصول سے نہیں روک سکتا۔ اس مرحلے پر ہماری توجہ جنگ کے خاتمے پر مرکوز ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایرانی اور عمانی تکنیکی ٹیموں نے گزشتہ ہفتے عمان میں ملاقات کی، دونوں ٹیموں نے آبنائے ہرمز میں محفوظ بحری آمد و رفت کے طریقہ کار پر بات چیت کی۔ اسماعیل بقائی نے یہ بھی بتایا کہ آبنائے ہرمز میکنزم کے لیے ایران عمان سمیت تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔

بقیہ 4

قانون، بین الاقوامی انسانی قانون، اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی توانائی ایجنسی کے قوانین و قراردادوں میں درج جوہری تحفظ اور سلامتی کے بنیادی اصولوں کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جوہری تنصیبات کو کسی بھی حالت میں نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے، اس قسم کی غیر ذمہ دارانہ کارروائیاں انسانی جانوں، ماحولیات اور علاقائی و عالمی امن و سلامتی کے لیے تباہ کن اور ناقابل تلافی نتائج کا باعث بن سکتی ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مزید کہا کہ شہری جوہری انفراسٹرکچر کے تحفظ اور اس کی حرمت کو بین الاقوامی سطح پر ایک مسلمہ اصول کی حیثیت حاصل ہے، جسے ہر صورت برقرار رکھا جانا چاہیے۔ پاکستان نے تمام فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کریں، بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو خطے میں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتے ہوں۔ بیان میں کہا گیا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے اصولوں اور مقاصد کے مطابق مذاکرات اور سفارتکاری ہی خطے میں دیرپا امن، استحکام اور کشیدگی میں کمی کا واحد قابل عمل راستہ ہیں۔

بقیہ 5

رہے تھے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی قیادت میں پاکستان کے اعلیٰ سطحی وفد نے 13 سے 18 مئی 2026 تک عوامی جمہوریہ چین کا اہم دورہ کیا۔ وفد میں نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (نیوٹیک) کی چیئرپرسن گل مینہ بلال سمیت دیگر اعلیٰ حکام شامل تھے۔ دورے کا آغاز 2026 ورلڈ ڈیجیٹل ایجوکیشن کانفرنس میں شرکت سے ہوا جہاں آرٹیفیشل انٹیلی جنس پلس ایجوکیشن کے موضوع پر عالمی ڈیجیٹل تعلیمی تبدیلی کے تناظر میں پاکستان کے عزم کو اجاگر کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ دورے کے دوران پاکستانی وفد نے چین کے نائب وزیر تعلیم اور دیگر اعلیٰ حکام سے تفصیلی مشاورتی اجلاس کئے جن میں دونوں ممالک کے درمیان تعلیمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا۔ چینی حکام نے وزیراعظم پاکستان کے متوقع دورہ چین سے قبل مشترکہ تعلیمی منصوبہ بندی کو حتمی شکل دینے، پاکستان کو ورلڈ ڈیجیٹل ایجوکیشن الائنس میں شامل ہونے کی دعوت دینے اور کنفیوشس انسٹی ٹیوٹس سے الگ ڈیجیٹل چینی زبان کورس پلیٹ فارم قائم کرنے کی تجاویز پیش کیں۔ چینی فریق نے پاکستان میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس انوویشن ہبز کے قیام، مصنوعی ذہانت، سرحد پار ای کامرس اور سمارٹ کول مائننگ میں سہ فریقی تعاون جبکہ پاکستان کو انٹرنیشنل چائنیز ایجوکیشن کمیونٹی اور چین کے نیشنل سمارٹ ایجوکیشن پلیٹ فارم میں شامل کرنے کی بھی تجویز دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی وفد نے چین پاکستان ٹی وی ای ٹی انڈسٹریل سینٹر آف ایکسیلینس (سی پی ٹی آئی سی ای) کی کارکردگی رپورٹ پیش کی جسے چینی حکام نے سراہا۔ دونوں ممالک نے اس امر کا بھی جائزہ لیا کہ اس وقت 38 ہزار 478 پاکستانی طلبہ چینی جامعات میں زیر تعلیم ہیں جن کی اکثریت میڈیکل پروگرامز میں داخل ہے۔ فریقین نے انفارمیشن ٹیکنالوجی، آرٹیفیشل انٹیلی جنس، سائنس اور انجینئرنگ کے شعبوں میں پاکستانی طلبہ کی تعداد بڑھانے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے بتایا کہ چین کے دورے کے دوران صوبہ آنہوئی میں بھی وفد نے جامع تعلیمی و صنعتی تعاون پروگرام میں شرکت کی۔ 13 مئی کو آنہوئی پروونشل ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کے زیر اہتمام چین پاکستان انڈسٹری۔ ایجوکیشن کوآپریشن سمپوزیم منعقد ہوا جس میں جنوری 2026 کے دورے کے نتائج کا جائزہ لیا گیا اور مستقبل کے تعاون کے فریم ورک کو واضح کیا گیا۔ اجلاس میں سمارٹ مینوفیکچرنگ، نئی توانائی، مصنوعی ذہانت اور روایتی چینی طب میں چینی زبان پلس ووکیشنل سکلز تعاون کو فروغ دینے، اوورسیز برانچ کیمپسز اور سکل سینٹرز کے قیام، تعلیمی اسناد کے باہمی اعتراف اور مشترکہ معیارات کی تیاری پر اتفاق کیا گیا۔ اس تعاون کو چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت قومی سطح کے ماڈل منصوبے کے طور پر فروغ دینے کی تجویز بھی دی گئی۔ چین کے دورے میں وفد نے ہیفی ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل کالج اور آنہوئی آٹوموٹیو ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل کالج کا بھی دورہ کیا جہاں 2+2 اور 1+3 مشترکہ تربیتی پروگرامز، فیکلٹی ایکسچینج، نئی توانائی گاڑیوں اور انٹیلی جنٹ کنیکٹڈ وہیکلز کے شعبوں میں مشترکہ صنعتی ادارے قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ان منصوبوں کے آغاز کے لئے ستمبر 2026 کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اسی دوران چین پاکستان ٹی وی ای ٹی انڈسٹریل سینٹر آف ایکسیلینس اور چین میں پاکستانی سفارتخانے کے اشتراک سے آئی سی ٹی و ٹیلی کام سے متعلق ٹی وی ای ٹی سمپوزیم بھی منعقد ہوا جس میں چینی اداروں اور کمپنیوں نے ڈیجیٹل سکلز، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی منتقلی اور صنعتی ضروریات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ سمپوزیم کے دوران چھ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے جن کا تعلق بین الاقوامی فنی تربیت، پیشہ وارانہ تعلیم، زبان و ثقافتی تعاون اور ٹیکنیکل سرٹیفکیشن سے ہے۔ مزید برآں چین پاکستان میٹرولوجیکل سروے پروموشن ہیں، چین پاکستان ایگریکلچرل اسپیشل انٹرنیشنل چائنیز ایجوکیشن بیس اور پیری ورکشاپ کے منصوبوں کا بھی افتتاح کیا گیا جس کی تقریب میں چین میں پاکستان کے سفیر نے شرکت کی۔ اعلامیہ کے مطابق پاکستان۔ چین آئی سی ٹی و ٹیلی کام ٹی وی ای ٹی انویسٹمنٹ کانفرنس 24 مئی 2026 کو پاکستان میں وزیراعظم پاکستان کے دورہ چین کے موقع پر منعقد ہوگی جبکہ جولائی 2026 میں پاکستان میں روایتی چینی طب سے متعلق کانفرنس میں آنہوئی وفد شرکت کرے گا۔ وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ آنہوئی اور پاکستان کے درمیان تعلیمی تعاون کو دونوں ممالک کے باضابطہ تعلیمی عملدرآمد منصوبے کا حصہ بنایا جائے گا جبکہ چیئرپرسن نیوٹیک گل مینہ بلال نے مصنوعی ذہانت اور سمارٹ مینوفیکچرنگ میں عملی تعاون کو مزید وسعت دینے پر زور دیا۔

بقیہ 6

افزائی کی جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت رواں برس کے ترقیاتی بجٹ اور آئندہ مالی سال کیلئے ترقیاتی بجٹ (PSDP) کے منصوبوں پر جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ترقیاتی منصوبوں میں عوام کا پیسہ لگائیں گے جن کے نتائج یقینی ہوں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پانی کے ذخائر اور پن بجلی کے منصوبے ترقیاتی بجٹ خرچ کرنے کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ وزیر اعظم نے پانڈا بانڈز کے کامیاب اجراء اور ایکی مارکیٹ میں پذیرائی پر وزیر خزانہ کی تعریف کی۔ اجلاس میں وزیر اعظم کی ریلوے، آئی ٹی اور وزارت پاور کی کارکردگی کی تعریف کی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کی جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پانی کے ذخائر کو بڑھانے کے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی۔ اجلاس میں رواں برس کے پی ایس ڈی پی پر جائزہ اور آئندہ برس کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں اور ان کے لئے درکار فنڈز پر تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو قومی نوعیت کے پانی ذخیرہ و پن بجلی کے منصوبوں بشمول داسو، دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز کی تعمیر پر پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احسن اقبال، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، رانا تنویر حسین، شزہ فاطمہ خواجہ، حنیف عباسی، سردار اویس خان لغاری، میاں محمد معین وٹو، عبدالعلیم خان، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 7

برآمد کر کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، جنہوں نے تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کر لیا ہے۔ علامہ اقبال ایئرپورٹ پر ریاض جانے والے ایک مسافر کے سامان میں موجود مٹھائی کے ڈبے میں چھپائی گئی 1.3 کلوگرام زینیکس گولیاں برآمد کر لی گئیں۔ اسی طرح اسلام آباد ٹول پلازہ پر گاڑی سے 14.4 کلوگرام چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ علاوہ ازیں ہارو ٹول پلازہ اٹک کے قریب موٹر سائیکل سوار ملزم سے 7.2 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ ادھر ناظم آباد کراچی پیٹرول پمپ کے قریب ملزم کے قبضے سے 6 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی۔ لاہور میں سنگھانی ٹول پلازہ کے قریب ملزم کے قبضے سے 4.8 کلوگرام چرس اور 1.5 کلوگرام افیون برآمد ہوئی۔ جی ٹی روڈ پشاور کے قریب کارگو آفس میں فروخت کے ڈبوں میں چھپائی گئی 8.4 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ اسلام آباد ٹول پلازہ پر ایک اور کارروائی کے دوران گاڑی سے 4.8 کلوگرام چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جب کہ ظہور کالونی دالبندین کے قریب گاڑی سے 140 کلوگرام افیون برآمد کی گئی۔ تمام کارروائیوں کا انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 8

جل کر مکمل طور پر خاکستر ہو گئی۔ خوش قسمتی سے کوچ میں موجود ڈرائیور اور کلینر بروقت باہر نکلنے میں کامیاب ہو گئے جس کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور دونوں محفوظ رہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق، آگ لگنے کی وجہ گاڑی میں اچانک ہونے والا شارٹ سرکٹ بتایا جاتا ہے، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پوری کوچ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی وندر پولیس، موٹر وے پولیس اور میونسپل کمیٹی وندر کی فائر بریگیڈ کی گاڑیاں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور ہنگامی بنیادوں پر امدادی کارروائیاں شروع کرتے ہوئے آگ پر پوری طرح قابو پالیا، تاہم اس دوران کوچ مکمل طور پر تباہ ہو چکی تھی۔ اس اچانک حادثے کے باعث قومی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی بھی کچھ دیر کے لیے بری طرح متاثر رہی، جسے بعد میں پولیس نے بحال کرایا۔ واضح رہے کہ اس وقت کمران ٹو کراچی اور لسبیلہ ٹو کراچی روٹ پر چلنے والی متعدد مسافر بسوں میں مبینہ طور پر ایرانی تیل کی اسمگلنگ کا خطرناک سلسلہ بلا روک ٹوک جاری ہے، جو کسی بھی وقت بڑے حادثے اور بیش قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کا سبب بن سکتا ہے۔ وندر کے عوامی و سماجی حلقوں نے متعلقہ اعلیٰ حکام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ مسافروں کی زندگیوں سے کھیلنے والے اس غیر قانونی عمل اور تیل اسمگلنگ کے خلاف فوری طور پر سخت اور مؤثر کریک ڈاؤن کیا جائے۔

بقیہ 9

کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) اور ای کامرس گیٹ وے پاکستان کے اشتراک سے منعقد ہونے والی اس نمائش میں سرمایہ کار دوست پالیسیوں، صنعتی تعاون اور عالمی سرمایہ کاری کے فروغ پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ایونٹ کے دوران چینی آئی پی آئی گروپ نے پاکستان کی اہم صنعتی و تجارتی تنظیموں کے ساتھ متعدد مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی کیے۔ نمائش میں بی زیڈ اے اور گلگت بلتستان پویلین بین الاقوامی وفود اور سرمایہ کاروں کی خصوصی توجہ کا مرکز رہے۔ اس موقع پر سولر انرجی، انجینئرنگ، آئل اینڈ گیس، پلاسٹک، کیمیکل اور معدنیات کے شعبوں سے متعلق جدید ٹیکنالوجی اور صنعتی مصنوعات پیش کی گئیں، ایونٹ کے دوران جدید ای کامرس ماڈلز، بی ٹو بی ملاقاتوں اور صنعتی نیٹ ورکنگ سرگرمیوں نے مقامی اور عالمی کاروباری روابط کو مزید مضبوط بنایا۔ آئی ٹی آئی ایف ایشیا 2026 نے پاکستان میں عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد اور صنعتی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ کیا، جبکہ پاکستان صنعتی ترقی، عالمی سرمایہ کاری اور تجارتی تعاون کے نئے دور میں داخل ہو گیا ہے۔

بقیہ 10

بن سکتے ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اس مشکل وقت میں متحدہ عرب امارات کی حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ ترجمان نے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کو ترجیح دیں۔

بقیہ 11

حلقوں نے حکومت بلوچستان اور چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ سے مطالبہ کیا ہے کہ موجودہ غیر معمولی مہنگائی کے پیش نظر فوری طور پر طباعت کے ریٹس پر نظرثانی کرتے ہوئے متاثرہ بڈرز کو خصوصی ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ تعلیمی نظام متاثر ہونے سے بچ سکے۔ تفصیلات کے مطابق یکم دسمبر 2025 کو بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی جانب سے ٹینڈر کے ذریعے مختلف بڈرز کو سرکاری درسی کتب کی طباعت کی ذمہ داریاں سونپی گئی تھیں۔ بڈرز نے سخت مقابلے کے ماحول میں انتہائی کم نرخوں پر ٹینڈرز حاصل کیے تھے۔ تاہم بعد ازاں بین الاقوامی صورتحال خصوصاً امریکہ ایران کشیدگی اور جنگی ماحول کے باعث ملک بھر میں مہنگائی کا شدید طوفان آ گیا جس کے نتیجے میں کاغذ، سیاہی، بجلی، پرنٹنگ پریس، ٹرانسپورٹ اور دیگر اشیا کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہو گیا۔ بڈرز کے مطابق گزشتہ سال ایک ٹرک کا کرایہ ایک لاکھ بیس ہزار روپے تھا جبکہ موجودہ سال یہ کرایہ بڑھ کر دو لاکھ ساٹھ ہزار روپے تک پہنچ چکا ہے۔ اسی طرح اشاعتی اداروں کے اخراجات، مزدوری، بجلی کے بلز اور طباعتی سامان کی قیمتوں میں بھی بے تحاشا اضافہ ہوا ہے جس کے باعث پہلے سے طے شدہ ریٹس پر کام جاری رکھنا انتہائی دشوار ہو گیا ہے۔ متاثرہ بڈرز کا کہنا ہے کہ حکام کی جانب سے انہیں یقین دہانی کروائی گئی تھی کہ غیر معمولی مہنگائی کے باعث انہیں مناسب ریلیف دیا جائے گا، تاہم اس کے برعکس اب کام میں مزید دس فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے جبکہ ریٹس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ اس صورتحال نے بڈرز کو شدید مالی بحران سے دوچار کر دیا ہے اور متعدد بڈرز کروڑوں روپے کے مقروض ہو چکے ہیں۔ بڈرز اور اشاعتی حلقوں نے کہا ہے کہ اگر موجودہ حالات میں فوری اقدامات نہ کیے گئے تو نہ صرف درسی کتب کی بروقت فراہمی متاثر ہو سکتی ہے بلکہ آئندہ کوئی بھی ادارہ یا بڈرز سرکاری درسی کتب کی طباعت کیلئے ٹینڈر لینے پر آمادہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے طباعت کے موجودہ ریٹس کا ازسرنو تعین کیا جائے اور بڈرز کو خصوصی مالی ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ تعلیمی نظام کا تسلسل برقرار رہ سکے۔

بقیہ 12

میں بطور منیجر تعینات تھا، جسے بدر کمرشل ایریا ڈی ایچ اے کراچی سے گرفتار کیا گیا۔ گرفتاری خفیہ اطلاعات، تکنیکی تجزیے، مالیاتی چھان بین اور پہلے سے گرفتار ملزمان کے انکشافات کی روشنی میں عمل میں لائی گئی۔ تحقیقات کے دوران ملزم کے قبضے سے اہم ڈیجیٹل اور دستاویزی شواہد برآمد ہوئے جن سے ہنڈی حوالہ سے متعلق غیر قانونی مالی لین دین میں ملوث ہونے کے شواہد سامنے آئے۔ ایف آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم مختلف بینک اکاؤنٹس کے ذریعے اربوں روپے کی غیر قانونی ٹرانزیکشنز میں سہولت کاری کرتا رہا۔ ملزم ہر ایک کروڑ روپے کی رقم جمع کرانے کے عوض کمیشن وصول کرتا تھا۔ برآمد شدہ شواہد میں بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات، لین دین کا ریکارڈ، ڈیجیٹل کمیونیکیشن اور دیگر اہم مواد شامل ہے۔ ترجمان کے مطابق مزید تحقیقات، ڈیجیٹل و فرانزک تجزیہ اور دیگر سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں۔ ایف آئی اے معیشت دشمن عناصر، غیر قانونی مالیاتی نیٹ ورکس اور ہنڈی حوالہ میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔

بقیہ 13

ریمانڈ کی کارروائی سینٹرل جیل کمپلیکس میں کرنے کی ہدایت کی ہے۔ عدالتی حکم کے مطابق جوڈیشل مجسٹریٹ کو سینٹرل جیل کمپلیکس جا کر ریمانڈ کارروائی انجام دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ پنکی کے خلاف مقدمہ نمبر 147/2026 تھانہ بغدادی میں دفعہ 302 کے تحت درج ہے۔ عدالت میں پولیس نے امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر خصوصی درخواست دائر کی تھی جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ سیکیورٹی خدشات کے باعث سٹی کورٹ میں پیشی خطرناک ہو سکتی ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ سٹی کورٹ میں عوامی تحفظ متاثر ہونے کا خدشہ موجود ہے۔ عدالت نے حکم دیا کہ ملزمہ انمول عرف پنکی کے ریمانڈ کی کارروائی جیل میں کی جائے اور متعلقہ مجسٹریٹس اور تفتیشی افسر کو حکم پر فوری عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔ سیشن جج ظہور احمد بلوچ نے اس حوالے سے حکم نامہ جاری کر دیا۔ دریں اثنا درخشاں پولیس نے عدالتی ریمانڈ کے خلاف نظرثانی کی درخواست بھی دائر کر دی ہے۔

بقیہ 14

حکومت عوام کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے "یو این اے" سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبے کے مختلف اضلاع اور دور دراز علاقوں میں متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے تاکہ عوام کو تعلیم، صحت، مواصلات اور پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی انسانی سہولیات بہتر انداز میں فراہم کی جا سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ نعروں کے بجائے عوامی خدمت کی سیاست کو فروغ دیا ہے اور آئندہ بھی بلوچستان کی مجموعی ترقی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ حکومت عوام کی فلاح و بہبود اور خاص کر نوجوانوں کو روزگار کے باعزت مواقع فراہم کرنے کے لیے انتہائی سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی مدبرانہ قیادت میں بلوچستان جلد ترقی کی بلند منزلیں طے کرے گا۔ ہم عوام کی طاقت اور سیاسی حمایت سے جلد بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے، تاہم صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے ہم سب کو حکومت کے ساتھ اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔ ایک اہم سوال کے جواب میں صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ میرے حلقہ انتخاب اوستا محمد اور تحصیل گنداخہ کی پسماندگی دور کرنے کے لیے جلد ہی ایک جامع ماسٹر پلان کے تحت بڑے ترقیاتی عمل کا آغاز کیا جائے گا، جس سے پورے حلقے کی تقدیر بدل جائے گی اور عوام کو زندگی کی بہترین سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ محض دو سال کے مختصر عرصے میں ضلع اوستا محمد میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا گیا ہے، جہاں تعلیم، صحت اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے گئے ہیں اور ان اسکیمات سے حلقہ انتخاب کی عوام بڑے پیمانے پر مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے آخر میں دہرایا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کھوکھلے دعوے ہرگز نہیں کرتی بلکہ زمین پر عملی اقدامات کرنے پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 15

لیے نئی فکسڈ ٹیکس سکیم کو مکمل طور پر اردو زبان میں تیار کیا گیا ہے، فکسڈ ٹیکس سکیم کے تحت 20 کروڑ روپے تک ٹرن اوور پر ایک فیصد ٹیکس ادا کرنا ہو گا، پرچون فروشوں کیلئے دکان کا سائز یا ایریا شامل کرنے کی تجویز اس بار شامل نہیں کی جائے گی۔ ایف بی آر کے ذرائع کا کہنا ہے کہ سکیم کے تحت 30 لاکھ پرچون فروشوں کو ٹیکس نیٹ میں رجسٹرڈ کیا جائے گا، ابتدائی طور پر زیادہ رجسٹریشن کیلئے آئندہ بجٹ میں کم تعداد میں اہداف اور ٹیکس مقرر کیا جائے گا۔

بقیہ 16

سے معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ ہیلتھ عملے کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مہم کے دوران ضلع کے ہر ایک بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی کو سو فیصد یقینی بنایا جائے تاکہ لورالائی کو پولیو سے پاک (فری) بنایا جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے اپنے دورے کے موقع پر وہاں موجود والدین، قبائلی عمائدین اور علما کرام سے خصوصی ملاقاتیں کیں اور ان سے پرزور اپیل کی کہ آج سے 21 مئی تک جاری رہنے والی اس انسداد پولیو مہم کے دوران موبائل عملے کے ساتھ مکمل اور مخلصانہ تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے لازمی پلوائیں اور معاشرے کے دوسرے لوگوں کو بھی اس کی تلقین کریں تاکہ آئندہ نسل کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی وجہ سے کسی بھی علاقے میں پولیو ٹیم نہ پہنچ سکے تو شہری فوری طور پر متعلقہ انتظامیہ کو اطلاع دیں تاکہ کوئی بھی بچہ اس قومی مہم سے محروم نہ رہ جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ضلع لورالائی میں پانچ سال سے کم عمر کے 65,783 بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے 195 فکسڈ سینٹرز اور موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو کے قطرے پلا رہی ہیں۔

بقیہ 17

ارب، پانی سے متعلق منصوبوں پر 67 ارب روپے خرچ ہوئے۔ آئی ٹی اور ٹیلی کام کے 18.4 ارب میں سے 4.46 ارب روپے کے اخراجات کئے گئے۔

بقیہ 18

کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے حوالے سے میڈیا رپورٹ کے مطابق غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کا دہشت گردی اور دیگر بدامنی کے واقعات میں استعمال ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے، جس کے پیش نظر محکمہ ایکسائز خیبر پختونخوا نے اہم اقدامات شروع کر دیئے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق صوبے بھر میں تقریباً 4 لاکھ 50 ہزار گاڑیوں کی رجسٹریشن کی جائے گی جبکہ تمام نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی منظم پروفائلنگ بھی کی جائے گی۔ ابتدائی مرحلے میں ضلع دیر لوئر سے گاڑیوں کی پروفائلنگ کا عمل شروع کیا جائے گا، جس کیلئے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق گاڑیوں کی پروفائلنگ کیلئے باقاعدہ سینٹرز قائم کیے جائیں گے جبکہ رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کے لیے خصوصی ایپلیکیشن بھی تیار کر لی گئی ہے۔ محکمہ ایکسائز نے رجسٹریشن کا عمل بروقت مکمل کرنے کے لئے باقاعدہ ٹائم فریم بھی مقرر کر دیا ہے تاکہ غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جا سکے۔

بقیہ 19

ماہ کی تنخواہیں بھی ادا نہیں کی گئیں۔ احتجاجی ملازمین نے کہا کہ برطرفیوں کا سلسلہ یکم مئی سے جاری ہے۔ برطرف ملازمین آئی جے پی میٹرو بس اسٹیشن پر جمع ہوئے اور بعد ازاں میٹرو بس ٹریک پر آ کر نعرے بازی کی جس کے نتیجے میں بس سروس بند ہو گئی۔ احتجاج میں خواتین ملازمین نے بھی شرکت کی۔ مظاہرین نے کہا کہ میٹرو بس سروس کا ٹھیکہ نئی کمپنی کو دیا گیا ہے، جس نے پرانے ملازمین کو نکال کر نئے افراد کو بھرتی کیا، حالانکہ موجودہ ملازمین کے کنٹریکٹ 2027 تک موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کئی ملازمین گزشتہ 8 سے 10 سال سے میٹرو بس سروس میں خدمات انجام دے رہے تھے۔ احتجاج کے باعث آئی جے پی اسٹیشن اور نائنتھ ایونیو پر اسلام آباد پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی جبکہ متعدد بسیں آئی جے پی اسٹیشن کے قریب کھڑی کر دی گئیں۔ مظاہرین نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے معاملے کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی اور بے روزگاری کے اس دور میں اچانک برطرفیاں ملازمین کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہی ہیں۔

بقیہ 20

چھڑنے کے امکان پر گفتگو ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق دونوں رہنماؤں کی گفتگو کے بعد اسرائیلی فوج ہائی الرٹ ہے، امریکا کے ساتھ ایران پر حملوں میں شامل ہونے کے لیے تیار ہے، ممکنہ جنگ کی صورت میں پینٹاگون نے ایران میں اہداف کا چناؤ کر لیا۔ ٹرمپ اس ہفتے قومی سلامتی ٹیم سے بھی مشاورت کریں گے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جرمنی میں امریکی اڈوں سے اسلحہ اور گولہ بارود لے کر درجنوں امریکی کارگو طیارے تل ابیب پہنچے۔ یہ ترسیل ایران کے خلاف جنگ دوبارہ شروع کرنے کی تیاریوں کا حصہ ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے ایران کے خلاف جنگ سے متعلق مشاورت تیز کر دی، اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے ٹیلی فون پر گفتگو کی، ایک روز پہلے اپنی قومی سلامتی ٹیم کے اہم ارکان سے تبادلہ خیال کیا۔ جنگ کے ممکنہ آغاز کی صورت میں پینٹاگون نے ایران میں توانائی اور انفراسٹرکچر سمیت مزید اہداف کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر لی۔

بقیہ 21

کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق، عبدالبصیر کو اکاؤنٹ آفیسر میونسپل کمیٹی سنجاوی کے عہدے سے تبدیل کر کے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی وندر تعینات کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے اجرا کے بعد نئے چیف آفیسر عبدالبصیر نے وندر پہنچ کر اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا ہے اور بلدیاتی امور کی انجام دہی کے لیے اپنی سرکاری خدمات کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 22

مطابق خاندان کے افراد سخت اور غیر انسانی حالات میں اینٹیں بنانے کا کام کرتے رہے تاہم قرض کی رقم اور سود ختم ہونے کے بجائے مسلسل بڑھتا رہا۔ حال ہی میں پاکستان آنے والے ایک مغربی جوڑے نے خاندان کی حالت زار دیکھ کر ان کا مکمل قرض ادا کر دیا جس کے بعد خاندان کو غلامانہ مشقت سے آزادی حاصل ہو گئی۔ اس موقع پر جذباتی مناظر بھی دیکھنے میں آئے جب خاندان کی ایک خاتون نے خوشی اور تشکر کے جذبات سے مغلوب ہو کر غیر ملکی شخص کو گلے لگا لیا۔ سوشل میڈیا پر اس واقعہ کو بڑے پیمانے پر سراہا جا رہا ہے، صارفین کے مطابق انسانیت مذہب، نسل اور قومیت سے بالاتر ہے، کئی افراد نے اس امر پر افسوس کا اظہار بھی کیا کہ مقامی سطح پر کسی صاحب حیثیت شخص نے اس خاندان کی مدد نہیں کی۔ ایک صارف نے کہا کہ انسانیت تمام مذاہب سے بڑی ہے ایک اور سوشل میڈیا صارف کا کہنا تھا کہ مجھے افسوس ہوتا ہے کہ ایک غیر ملکی جوڑا انہیں اس ہولناک قرض سے نجات دلانے آیا۔ کئی صارفین نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ بہت افسوسناک ہے کہ پاکستان میں غریبوں کیلئے انصاف نہیں ہے۔ صارفین نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ ملک میں موجود قرضی غلامی جیسے غیر قانونی اور غیر انسانی نظام کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ آئندہ کسی خاندان کو نسل در نسل اس ظلم کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 23

اور لڑکیوں سمیت کالجز اور یونیورسٹیز کے طلبہ کو منشیات فراہم کرتے تھے۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق دونوں ملزمان اس وقت گرفتار کیا گیا ہے جب وہ کوکین سپلائی کرنے جا رہے تھے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے 45 گرام کوکین اور ایک ڈیجیٹل ترازو بھی برآمد کیا تھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ملزم فرحان اس سے قبل بھی ڈیفنس اور بوٹ بیسن تھانوں میں منشیات سے متعلق مقدمات میں گرفتار ہو چکا ہے جبکہ ملزم فرحان کا نام مصطفیٰ عامر قتل کیس کے ملزم ارمغان کی انٹروگیشن رپورٹ میں بھی آیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزمان مبینہ طور پر سیاہ فام غیر ملکیوں سے منشیات حاصل کر کے کراچی کے پوش علاقوں میں سپلائی کرتے تھے۔ ایس آئی یو پولیس نے دونوں ملزمان کو 6 مارچ 2025 کو ڈیفنس کے علاقے سے گرفتار کیا تھا جبکہ ان کے خلاف ایس آئی یو صدر تھانے میں مقدمہ درج ہے۔ رپورٹ کے مطابق کیس کو ایک سال گزرنے کے باوجود اب تک ملزمان پر فرد جرم عائد نہیں ہو سکی، ملزم فرحان 5 جون 2025، جبکہ ملزم عبدالمغنی 17 جولائی 2025 کو ضمانت حاصل کر چکے ہیں۔

بقیہ 24

سے بلوچستان میں موسم کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ جاری کر دی گئی ہے، جس کے مطابق صوبے کے بیشتر اضلاع میں آنے والے دنوں میں موسم مجموعی طور پر شدید گرم اور خشک رہے گا۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف اضلاع میں ریکارڈ کیے گئے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کی تفصیلات درج ذیل ہیں: سبی اور تربت: صوبے کا سب سے گرم علاقہ سبی رہا جہاں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 46 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ تربت میں پارہ 42 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔ نوکنڈی اور ژوب: نوکنڈی میں شدید گرمی کے باعث زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 43 اور ژوب میں 36 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ کوئٹہ، چمن اور قلات: صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35، چمن میں 36 جبکہ سرد علاقے قلات میں 31 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا ہے۔ زیارت اور ساحلی علاقے: سیاحتی مقام زیارت 26 ڈگری سینٹی گریڈ کے ساتھ صوبے کا سب سے ٹھنڈا علاقہ رہا، جبکہ ساحلی پٹی کے اضلاع گوادر اور جیوانی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 25

کرنے کی تجویز دی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن کے ساتھ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام پر مذاکرات جاری ہیں، مشن کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تمام آپریشنز پر بریفنگ دی جا رہی ہے۔ مذاکرات میں بی آئی ایس پی کے سوشل پروٹیکشن سسٹم کا جائزہ لیا گیا جبکہ پروگرام کے حکام نے مشن کو کفالت پروگرام میں رجسٹرڈ ڈیٹا پر بریفنگ بھی دی۔ ذرائع کے مطابق خاندانوں کی رجسٹریشن، سہ ماہی رقم اور آئندہ مالی سال کی ضروریات پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایم ایف نے کہا کہ آئندہ مالی سال کفالت پروگرام کی سہ ماہی رقم میں اضافہ کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن کے ساتھ آج مجموعی طور پر 4 ملاقاتیں شیڈول ہیں، مشن کی ایک ملاقات بی آئی ایس پی اور تین ایف ڈی آر حکام کے ساتھ ہوں گی۔

بقیہ 26

کرنے والے اداروں نے گرفتار کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان رینجرز (سندھ) اور سی ٹی ڈی پولیس نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے کراچی آتے ہوئے رینجرز چیک پوسٹ حب ریور روڈ رئیس گوٹھ سے کالعدم تنظیم سندھودیش ریپبلکن آرمی سے تعلق رکھنے والے انتہائی مطلوب دہشتگرد عبدالجبار سرکی ولد غلام رسول کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ، ڈیٹونیٹر، بال بیرنگ اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد ہوا۔ گرفتار دہشتگرد 2020 میں کالعدم تنظیم سندھودیش ریپبلکن آرمی کے کمانڈر سجاد شاہ کے گروہ میں شامل ہوا، کمانڈر سجاد شاہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کراچی اور اندرون سندھ میں تخریب کاری کی مختلف کارروائیوں میں ملوث ہے۔ گرفتار دہشتگرد نے اپنے ساتھی کے ہمراہ جون 2020 میں نیشنل ہائی وے منزل پمپ کے قریب واقع رینجرز چوکی پر گرینیڈ حملہ کیا جس کے نتیجے میں 2 راہگیر زخمی ہوئے تھے جبکہ رینجرز چوکی کو جزوی نقصان پہنچا۔ گرفتار دہشتگرد 14 اگست کے موقع پر دہشتگردی کی کارروائی کے لیے گلشن حدید میں آزادی اسٹال کی ریکی کر چکا ہے۔ گرفتار دہشتگرد کا نام سی ٹی ڈی ریڈ بک میں انتہائی مطلوب دہشتگرد کے طور پر شامل ہے۔ گرفتار دہشتگرد سندھودیش ریپبلکن آرمی کے کمانڈر سجاد شاہ سے بیرون ملک رابطے میں تھا اور اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ کراچی میں واقع حساس مقامات پر دہشتگردی کی کارروائیوں کے لیے منصوبہ بندی کر رہا تھا۔ ملزم کو مع اسلحہ دھماکہ خیز مواد اور برآمد شدہ سامان مزید قانونی کارروائی کے لیے سی ٹی ڈی پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 27

پہلے ہی انتہائی کشیدہ ہے اور امریکا کی جانب سے اسرائیل کو مسلسل فوجی سپورٹ فراہم کی جا رہی ہے۔ اسی تناظر میں امریکی کارگو طیاروں کی آمد کو غیر معمولی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ اگرچہ امریکا یا اسرائیلی حکام کی جانب سے ان رپورٹس پر باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا، تاہم تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث کسی بھی وقت صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب ایران پہلے ہی واضح کر چکا ہے کہ کسی بھی ممکنہ حملے یا دباؤ کا سخت جواب دیا جائے گا، جبکہ خطے میں جنگ بندی اور سفارتی کوششوں کے مستقبل پر بھی سوالات اٹھنے لگے ہیں۔

بقیہ 28

کوئی ضرورت نہیں ہے، 26 ویں، 27 ویں ترامیم آئین کی متعدد دفعات، خصوصاً عدلیہ سے متعلق شقوں کو مسخ کر چکی ہیں۔ پی پی سینیٹر نے کہا کہ کسی جج کا اس کی رضامندی کے بغیر تبادلہ عدلیہ کی آزادی پر ضرب ہے، وفاقی حکومت کو چاہیے کہ وہ ان دونوں ترامیم کے خلاف پیدا ہونے والے ردعمل کا جائزہ لے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت تمام متعلقہ فریقین سے مشاورت کے بعد اصلاحی اقدامات کرے، نئے صوبوں کا قیام اور صوبائی خودمختاری ایسے معاملات ہیں جنہیں چھیڑنا مناسب نہیں۔

بقیہ 29

کمشنر سے ملاقات کرنے والے اس اہم وفد میں عوامی سوشل ویلفیئر حب کے سرپرست اعلیٰ میر مبارک بلوچ، چیئرمین کامریڈ عبدالغفور کاکڑ، سینئر وائس چیئرمین نبی بخش نروار، جنرل سیکرٹری خالد توکل بلوچ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری بشیر احمد بلوچ اور ممبر وڈیرہ شدل عامر بلوچ شامل تھے۔

بقیہ 30

ہیں، پاکستان کے مسائل دن بدن بڑھتے جا رہے ہیں، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی گرفتاری کے خلاف ہماری جدوجہد جاری ہے، ہائیکورٹ نے حکم دیا کہ منگل اور جمعرات کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں ہوں گی، آج تک ہائیکورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد نہیں ہو رہا، ہم دوبارہ ہائیکورٹ گئے کہ آپ کے حکم پر عملدرآمد نہیں ہو رہا لیکن ہماری شنوائی نہیں ہوئی، سپریم کورٹ گئے وہاں بھی ہماری نہیں سنی گئی۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ ہم خاموش نہیں ہوں گے، ہر روز کورٹ کو یاد دلائیں گے کہ ظلم ہو رہا ہے، 8 اپریل کو سلمان صفدر کی ملاقات میں بانی نے بتایا ان کی آنکھ خراب ہو رہی ہے، بانی پی ٹی آئی سے کوئی انسان نہیں مل رہا، وہ قید تنہائی میں ہیں، انسانیت سوز صورتحال ہے، ہم پوری دنیا کے ایوانوں میں آواز بلند کر رہے ہیں۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ اپریل 2022 میں پی ٹی آئی کی حکومت کو بین الاقوامی سازش کے تحت گرایا گیا، گٹھ جوڑ کر کے جمہوری حکومت کو ختم کیا گیا، اپریل 2022 میں کہیں سے حکم آیا اور حکومت ختم کر دی گئی، ڈراپ سائٹ نے سائفر منظر عام پر لا کر بانی پی ٹی آئی کو درست ثابت کیا، ان کا کہنا تھا کہ عوام ظلم کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں، یہ مسلط شدہ حکومت اب عوام سے ووٹ کا حق بھی چھیننا چاہتی ہے، یہ ووٹر کی عمر بڑھا رہے ہیں کیونکہ خوفزدہ ہیں، پوری دنیا میں ووٹنگ کی عمر کو کم کیا جا رہا ہے لیکن یہ ووٹنگ کی عمر بڑھا رہے ہیں، پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ہمیں بتایا گیا کہ 1947 میں آزاد ہو گئے تھے لیکن آج بھی ہم قید میں ہیں، ہمارے وکلا کو جبری لاپتہ کیا جا رہا ہے، ہمیں نہیں معلوم کہاں غائب کر رہے ہیں؟ ہم ہر سطح پر اس ظلم کے خلاف آواز بلند کر رہے ہیں، عدالتیں بند رہیں، پارلیمان قید رہا تو فیصلے سڑکوں پر ہوں گے، پاکستان کی معیشت کے حالات خطرناک حد کو پہنچ گئے ہیں، پٹرول کی قیمتیں آسمان تک پہنچ گئی ہیں، آج صوبوں سے بھی ان کا حق چھینا جا رہا ہے، صوبوں کا بجٹ کم اور این ایف سی میں تبدیلیاں کر رہے ہیں، صوبوں کے اختیارات ختم کرنے سے پاکستان ترقی نہیں کرے گا۔

بقیہ 31

اپوزیشن لیڈر، عباداللہ، صوبائی وزراء، کابینہ اراکین، حکومتی و اپوزیشن اراکین اسمبلی اور اعلیٰ حکام بھی اجلاس میں شریک ہوئے، اجلاس میں عوامی مشکلات کے فوری حل، گندم کی بلاتعطل فراہمی، آٹے کی ممکنہ قلت کی روک تھام اور سی این جی بندش کے اثرات کم کرنے کیلئے مشترکہ حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ اجلاس میں ٹرانسپورٹ، صنعتی سرگرمیوں اور روزمرہ زندگی پر سی این جی بندش کے اثرات جبکہ پنجاب سے گندم ترسیل میں رکاوٹوں کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور متعلقہ اداروں کو فوری و مؤثر اقدامات کی ہدایات پر مشاورت کی گئی، صوبے کے حقوق، عوامی ریلیف اور وفاق و صوبے کے درمیان مؤثر رابطہ کاری یقینی بنانے کیلئے تمام متعلقہ اداروں، نمائندہ تنظیموں اور حکام نے متفقہ لائحہ عمل ترتیب دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ پنجاب حکومت خیبر پختونخواہ کے ساتھ مسلسل زیادتی کر رہی ہے، وفاق کے علم میں لانے کے باوجود کوئی انہیں منع نہیں کر رہا، خیبر پختونخواہ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جا رہا ہے، ہمیں مجبور کر رہے ہیں کہ ایسا فیصلہ کریں جس سے نقصان ہو، کیوں کہ ہمارے سی این جی سٹیشن بند کیے جا رہے ہیں، ہمارے صوبے کے غریب عوام کو سب سے مہنگا آٹا دیا جا رہا ہے، ایسے امتیازی سلوک پر خیبر پختونخواہ کی عوام خود فیصلہ کرے گی تو وفاق کا نقصان ہوگا۔

بقیہ 32

کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 5 مئی اور 6 مئی کو (روزانہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ایئرپورٹ روڈ، ویسٹرن بائی پاس، چشمہ، واسا، خروٹ آباد، جبل نور، دوستین، عمر، نکاتو، ادیان اور داریم فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسی طرح 5 مئی کو (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی، عالم خان، مالک، اولڈ سمنگلی، انٹرکنیکٹ فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے جبکہ 6 مئی کو مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv کانسی روڈ، کانسی نو، لیاقت بازار ایکسپریس فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسکے علاوہ 7 مئی کے روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv بروری روڈ، اولڈ سمنگلی، پی اے ایف، شہباز ٹاؤن، جی او آر کالونی، جناح ٹاؤن، کلی دیبہ، ملک پلانٹ فیڈرز جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سمنگلی ایکسپریس، اے ون سٹی، جڑسہ، غازی، واسا فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی نیز اسی روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس اور صاحبزادہ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 33

محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں شدید گرم اور خشک موسم کی پیشگوئی کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ میدانی اضلاع میں درجہ حرارت معمول سے 2 سے 4 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہنے کا امکان ہے، جبکہ چند بالائی علاقوں میں ہلکی بارش اور گرد آلود ہواؤں کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے کے بیشتر اضلاع میں پیر کو گرم اور خشک موسم برقرار رہا، جبکہ سبی، نصیر آباد ڈویژن، کیچ، گوادر اور لسبیلہ سمیت میدانی علاقوں میں شدید گرمی اور لو چلتی رہی۔ رپورٹ کے مطابق ژوب، شیرانی، بارکھان اور موسیٰ خیل میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے ساتھ چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش متوقع ہے، جبکہ صوبے کے بیشتر علاقوں میں تیز اور گرد آلود ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اس وقت بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں براعظمی ہوائیں غالب ہیں جبکہ بالائی علاقوں میں مغربی ہواؤں کا سسٹم اثر انداز ہو رہا ہے، جس کے باعث موسم میں یہ تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے میں کہیں بھی بارش ریکارڈ نہیں کی گئی، تاہم سب سے زیادہ درجہ حرارت لسبیلہ میں 45 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ تربت 44.5، سبی 44 اور گوادر میں 41 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک غیر ضروری باہر نکلنے سے گریز کریں، دھوپ سے بچاؤ کے اقدامات کریں اور پانی کا زیادہ استعمال یقینی بنائیں، جبکہ کاشتکاروں کو بھی موسمی صورتحال کے مطابق فصلوں اور مویشیوں کی دیکھ بھال کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 34

وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ چیف سیکرٹری کے عہدے سے ریٹائرمنٹ کے بعد اضافی مراعات سے متعلق نوٹیفکیشن سابق دور حکومت میں جاری کیا گیا تھا جبکہ اس حوالے سے بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل بھی اسی وقت کی حکومت نے دائر کی تھی موجودہ صوبائی حکومت اس نوٹیفکیشن سے اصولی طور پر اتفاق نہیں رکھتی انہوں نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور پوری صوبائی حکومت کا مؤقف بالکل واضح ہے کہ عوامی وسائل کی ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے اور اسے صرف عوامی فلاح و بہبود پر ہی خرچ کیا جانا چاہیے شاہد رند نے کہا کہ وفاقی سول سروسز میں مراعات کا ایک طے شدہ مالی چارٹ موجود ہے جبکہ بلوچستان میں بھی سرکاری عہدوں کے لیے باقاعدہ مراعاتی شیڈول نافذ ہے موجودہ صوبائی حکومت کسی بھی ایسی اضافی مراعات کی حامی نہیں ہے جس سے سرکاری خزانے پر غیر ضروری بوجھ پڑے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے نہ تو اس نوٹیفکیشن کا دفاع کیا ہے اور نہ ہی کسی مرحلے پر اس کے حق میں اپیل دائر کی ہے حکومت کا مؤقف واضح اور اصولی ہے کہ سرکاری وسائل کا استعمال صرف عوامی مفاد اور ترقیاتی ترجیحات کے مطابق ہونا چاہیے۔

بقیہ 35

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر شہر کے مختلف علاقوں میں پرائس کنٹرول کے تحت تندوروں اور گوشت فروشوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں اس موقع ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پرنس روڈ، گوالمنڈی چوک، قلندر مقام، نواں کلی، ایئرپورٹ روڈ اور عالمو چوک میں سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے خصوصی چیکنگ کی گئی۔ اور پرائس کنٹرول کی خلاف ورزی پر 20 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کوئٹہ محمد امیر حمزہ کی نگرانی میں کارروائیوں کے دوران تندوروں اور گوشت کی دکانوں کا معائنہ کیا گیا۔ سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی پر 14 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا جبکہ متعدد دکانداروں کو سرکاری نرخنامے پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایات جاری کی گئیں۔ دوسری جانب اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی نے نواں کلی، ائیرپورٹ روڈ اور عالمو چوک کے علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی اور دیگر بے ضابطگیوں پر مزید 6 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کیا جبکہ 3 دکانوں کو سیل کر دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوامی شکایات کے ازالے اور اشیائے ضروریہ کی مقررہ قیمتوں پر فراہمی یقینی بنانے کے لیے شہر بھر میں بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 36

بلوچستان ہائی کورٹ نے بلوچستان اسمبلی کی عمارت کی مکمل مسماری سے متعلق جاری کیے گئے ٹینڈر نوٹس پر عبوری حکم امتناع جاری کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو مزید کارروائی سے روک دیا ہے۔ یہ حکم پیر کو چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل ڈویژن بینچ نے آئینی درخواستوں کی سماعت کے دوران جاری کیا۔ درخواستیں امان اللہ کنرانی ایڈووکیٹ اور نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی کی جانب سے دائر کی گئی تھیں۔ عدالت نے محکمہ مواصلات و تعمیرات (C&W) کو ہدایت کی ہے کہ وہ 7 مئی 2026 کو مجوزہ ٹینڈر نوٹس نہ کھولے، اور اس عمل کو اگلی سماعت یعنی 11 مئی 2026 تک معطل رکھا جائے۔ سماعت کے دوران امان اللہ کنرانی نے اپنے دلائل خود پیش کیے، جبکہ نوابزادہ لشکری رئیسانی کی جانب سے سیال خان کاکڑ ایڈووکیٹ اور محمد ریاض احمد ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ حکومت بلوچستان کی نمائندگی ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل شہیک بلوچ نے کی۔ درخواست گزاروں کا مؤقف تھا کہ بلوچستان اسمبلی کی عمارت ایک تاریخی اور قومی ورثہ کی حیثیت رکھتی ہے، جسے گرانے کا فیصلہ نہ صرف قانونی تقاضوں کے خلاف ہے بلکہ عوامی مفاد کے بھی منافی ہے۔ عدالت نے ابتدائی دلائل سننے کے بعد ٹینڈر کے عمل کو روک دیا اور مزید سماعت 11 مئی تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 37

بلوچستان صوبائی اسمبلی میں قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس ممبر کمیٹی خیر جان بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، اصغر علی ترین اور علی مدد جتک کے علاوہ سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ڈی آئی جی CTD اعتزاز احمد گورایہ اور دیگر متعلقہ افسران بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس کے دوران بلوچستان وٹنس پروٹیکشن (ترمیمی) بل 2026 پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ کمیٹی نے بلوچستان وٹنس پروٹیکشن ایکٹ 2016 کا جائزہ لیتے ہوئے اس امر کو تسلیم کیا کہ اس کے نفاذ کے دوران پیش آنے والی عملی اور انتظامی خامیوں کے باعث قانون میں بہتری ناگزیر ہے۔ مجوزہ ترامیم کا مقصد قانون کو مؤثر انداز میں اضافہ اور اسے موجودہ قانونی تقاضوں اور بین الاقوامی بہترین روایات سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ اہم ترامیم میں سنگین جرائم کی تعریف کو ازسرنو متعین کرتے ہوئے ایسے جرائم تک محدود کرنا شامل ہے جن کی سزا سات سال یا اس سے زائد قید ہو، تاکہ تحفظ کے وسائل زیادہ خطرناک نوعیت کے مقدمات پر مرکوز کیے جا سکیں۔ اسی طرح گواہ کی تعریف کو وسعت دیتے ہوئے اس میں متاثرین، متاثرہ افراد اور مدعیان کو بھی شامل کیا گیا ہے، جس سے قانون کو مزید جامع اور متاثرہ فریق کے لیے مؤثر بنایا گیا ہے۔

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی ڈیرہ اللہ یار

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

ATC کیس نمبر 01/25 مقدمہ فرد نمبر 31/25 سرکار بنام:۔ مبارک

بجرم زیر دفعہ 17-E آرمز بلوچستان ایکٹ پولیس کیٹل فارم

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ ملزم (1) مبارک ولد صحبت قوم مغیری سکنہ جاگیر سندھ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو کہ بطبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ ملزم/ملزمان مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ ملزم/ملزمان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 16-06-2026 عدالت ہذا بمقام ڈیرہ اللہ یار مذکوران کی قلمبندی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی ڈیرہ اللہ یار

PRQ No 5143/18-05-2026

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی ڈیرہ اللہ یار

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

ATC کیس نمبر 03/25 مقدمہ فرد نمبر 22/18 سرکار بنام:۔ مبارک عرف مچو

بجرم زیر دفعہ 302,324,353,186,34,PPC 7 ATA پولیس کیٹل فارم

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ ملزم (1) مبارک عرف مچو ولد صحبت خان قوم مغیری سکنہ جہان شاہ سندھ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو کہ بطبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ ملزم/ملزمان مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ ملزم/ملزمان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 16-06-2026 عدالت ہذا بمقام ڈیرہ اللہ یار مذکوران کی قلمبندی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی ڈیرہ اللہ یار

PRQ No 5144/18-05-2026

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department, Quetta Division Quetta invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from the interested Contractors / Firm for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1.	Constt: of B/T Road and tuff tile, side drain, sewerage system, solar street lights at different street of old Sabzal road Quetta(z2025-2867) **TSE-2526051051403**	29,697,532
2	LAYING OF TUFF TILE, B/T ROAD AND DRAIN, SEWERAGE, SOLAR SYSTEM AT STREETS OF ESSA NAGRI QUETTA (z2025-2815) **TSE-2526051052443**	16,830,492
3	Installation of solar street lights in different streets of Ghafoor Town/ Ghareeb Abad/ Nabi Abad Quetta (z2025-2866) **TSE-2526051052533**	14,844,625
4	Tuff tile, drain and sewerage system installation of solar street lights Killi Haq Abad Quetta (z2025.2869) **TSE-2526051052693**	9,901,695

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering Council who also has deposited case for renewal (2025-26) in relevant Category. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-6 & 4 or above and the relevant Specialized code. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax &Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 & 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 2000/-& 1500/- of each tender must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Last Date of bid submission**: The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the office of the Executive Engineer Urban Planning & Development Department Zarghoon Road Quetta on or before on 3/06/2026 at 9:00 am. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the Office of the undersigned at 9:30 pm. **Address Place of Bids opening**: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Development Department Zarghoon Road Quetta Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department
Quetta Division Quetta

PRQ No.5107/18-05-2026